مسلمان کے اخلاق

تصنیف و تالیف

علامہ محمد عمیر الازہری

(فاضل جامعۃ الازہر)

دار المنار

ھری پور

مسلمان کے اخلاق

تصنیف وتالیف

علامہ محمد عمیر الازہری

(فاضل جامعۃ الازہر)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جملہ حقوق بحق مصنف محفوظ ہیں

نام کتاب: مسلمان کے اخلاق

تصنیف و تالیف: علامہ محمد عمیر الازہری

مطبع: نیو پاکستان پرنٹنگ پریس ہری پور

اشاعت اول: ۱۹ ذیقعد ۱۴۳۴ھ، ۲۶ ستمبر ۲۰۱۳ء

تعداد: ۱۰۰۰

ہدیہ: ....

....

ناشر: دار المنار، ہری پور

0331-5871106
0334-1008645

ملنے کے پتے

۱۔ مسجد عثمانیہ المعروف چھوٹی مسجد، نور کالونی، ہری پور ہزارہ۔

۲۔ دار العلوم صبغۃ الھدیٰ، شاہپور چاکر، سانگھڑ سندھ۔

برِصغیر پاک و ہند کے اولیائے کرام

کے نام جن کے اچھے اخلاق کے سبب

گمراہیوں کی دلدل میں پھنسے ہزاروں

افراد دولتِ ایمان سے بہرہ ور ہوئے۔

فہرست مضامین

تقریظ

مفتی اعظم سندھ شیخ الحدیث والتفسیر حضرت علامہ مفتی عبدالرحیم سکندری دامت برکاتہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین، والصلوٰۃ والسلام علیٰ سید الانبیاء والمرسلین وعلیٰ آلہ واصحابہ اجمعین۔ اما بعد

قرآن کریم کی بے شمار نصوص اور احادیث صحیحہ شاہد ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کی اطاعت اور آپ کی تعلیمات اور سنتوں کی اتباع ہی انسان کی عملی اصلاح کا نسخہ اکسیر اور دنیا وآخرت کی ہر کامیابی کا ضامن ہے۔

مگر اکثر لوگوں نے اطاعت واتباع کو صرف نماز، روزہ وغیرہ جیسی چند عبادات میں منحصر سمجھ رکھا ہے، معاملات اور حقوق باہمی بالخصوص اخلاق اور آداب معاشرت سے متعلق قرآن و حدیث کے ارشادات اور رسول اللہ ﷺ کی تعلیمات کو ایسا سمجھ لیا گیا ہے کہ یہ نہ دین کا کوئی جزو ہے اور نہ ہی اس کا اتباعِ رسول ﷺ سے کوئی تعلق ہے۔

اس کا نتیجہ ہے کہ بہت سے ایسے مسلمان بھی دیکھے جاتے ہیں جو نماز، روزے کے اعتبار سے اچھے خاصے دیندار کہلاتے ہیں مگر معاملات اور حسن اخلاق کے معاملہ میں بالکل غافل اور بے شعور ہونے کی بنا پر اسلام اور مسلمانوں کے لئے ننگ وعار ہوتے ہیں، جس کی سب سے بڑی وجہ رسول اللہ ﷺ کی تعلیمات سے ناواقفیت اور آپ ﷺ کی عادات وخصائل سے غفلت ہے۔

اللہ تعالیٰ نے حضور اکرم ﷺ کی ذات کریم میں مکارم اخلاق، محامد صفات اور ان کی کثرت وقوت کے لحاظ سے قرآن کریم میں مدح وثناء فرمائی ہے اور ارشاد ہے

"وانک لعلیٰ خلق عظیم" اور ایک مقام پر فرمایا "کان فضل اللہ علیک عظیماً"۔ اور خود حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا "بعثت لاتمم مکارم الاخلاق"۔ اس سے معلوم ہوا کہ آپ کی ذات مقدس میں تمام محاسن و مکارم اخلاق جمع تھے اور کیوں نہ ہوں جبکہ آپ ﷺ کا معلم ومربی خود باری تعالیٰ ہو۔

اللہ تعالیٰ نے رسول اکرم، نور مجسم ﷺ کو ایک مثالی نمونہ بنا کر بھیجا ہے اور لوگوں کو یہ ہدایت دی ہے کہ زندگی کے ہر شعبہ، ہر دور اور ہر حال میں اس نمونہ کے مطابق خود بھی بنیں اور دوسروں کو بنانے کی فکر کریں۔

قرآن کریم کی آیہ مبارکہ "لقد کان لکم فی رسول اللہ اسوۃ حسنہ" کا یہی مطلب ہے۔ اسی لئے ہر زمانے کے علماء نے عربی، فارسی، اردو، اور سندھی زبان میں رسول اللہ ﷺ کے شمائل وخصائل کو مختصر اور مفصل رسالوں اور کتابوں کی صورت میں جمع فرمادیا ہے جو ایک حیثیت سے پوری تعلیمات نبویہ کا خلاصہ ہیں۔

زیر نظر کتاب "مسلمان کے اخلاق" مولفہ مولانا محمد عمیر الازہری فاضل جامعہ الازہر شریف مصر بھی اسی سلسلے کی ایک خوبصورت کڑی ہے۔ اس کتاب کو فقیر نے مختلف مقامات سے پڑھوا کر سنا۔ یہ کتاب حسن ترتیب کے ساتھ ساتھ بہترین علمی ذخیرہ ہے۔ عام لوگوں اور علماء کے لئے یکساں مفید ہے۔

مولف کتاب ہٰذا نے عرق ریزی سے اس کا علمی مواد مختلف امہات کتب سے جمع کرکے ترتیب دیا ہے۔ عبارات کا سلیس ترجمہ اور حسن تخریج کتاب میں خوبصورتی کا باعث ہے۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ فاضل نوجوان مولانا محمد عمیر الازہری فاضل جامعہ ازہر کو دن دگنی رات چگنی ترقی عطا فرمائے اور ان کی اس کتاب کو اپنی بارگاہ میں قبول ومنظور فرمائے۔

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ سیدنا محمد وعلیٰ اصحابہ اجمعین۔

رقمہ: فقیر عبدالرحیم سکندری

شیخ الحدیث دارالعلوم صبغۃ الہدیٰ، شاہپور چاکر، ضلع سانگھڑ، سندھ

31 اگست 2013ء بروز ہفتہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ و نصلي ونسلم علی رسولہ الکریم

مقدمہ

حسنِ اخلاق کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی بعثت کی غایتِ اولیٰ حسنِ اخلاق کی تکمیل ظاہر فرمائی، چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "إِنَّمَا بُعِثْتُ لِأُتَمِّمَ صَالِحَ الْأَخْلَاقِ"[1] "مجھے اخلاقِ صالحہ کی تعلیمات کی تکمیل کے لیے ہی مبعوث کیا گیا ہے"، گویا کہ بعثتِ رسول کا اصل مقصد حسنِ اخلاق کی تعلیمات کی تکمیل ہے۔

اسلام میں عبادات کو عظیم مقام عطا کیا گیا اور ان کو ارکانِ اسلام میں شامل کیا گیا، اسلام میں تصورِ عبادات کوئی مبہم نظام نہیں جو انسان کو مجہول غیبی چیزوں کے ساتھ ربط و تعلق پر ابھارتا ہے اور اسے ایسے اعمال کا مکلّف کرتا ہے جن کا کوئی مقصد نہیں۔

ہرگز ایسا نہیں، بلکہ اسلام جن فرائض کو لازم قرار دیتا ہے ان کا مقصدِ عظیم انسان کو اچھے اخلاق کا خوگر اور عادی بنانا ہے، قرآنِ کریم اور سنتِ مطہرہ واضح انداز میں ان حقائق کو بیان فرماتے ہیں، چنانچہ جب نماز فرض کی گئی اور اقامتِ صلاۃ کی حکمت بیان کی گئی تو رب تعالیٰ نے ارشاد فرمایا

"وَ اَقِمِ الصَّلٰوةَ اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ"[2]

"نماز قائم کرو بیشک نماز بے حیائی اور بُری بات سے منع کرتی ہے"، لہٰذا بے حیائی اور برے قول و عمل سے دوری اور اپنے آپ کو پاک و صاف رکھنا نماز کی فرضیت کی حکمت ہے۔

---

(۱) مسند احمد، مُسْنَدُ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ (ج ۱۴/ص ۵۱۳ حدیث نمبر: ۸۹۵۱)

(۲) القرآن الکریم، سورۃ العنکبوت، الآیۃ رقم: ۴۵

اسی طرح مسلمانوں پر زکوۃ دینا فرض قرار دیا گیا، زکوۃ کوئی ٹیکس نہیں کہ محض اسے دوسرے کی جیب سے نکالا جائے، بلکہ اس کا اولین مقصد انسان کے اندر محبت و شفقت اور ایثار و قربانی کا جذبہ بیدار کرنا ہے اور انسانوں کے مختلف طبقات کے درمیان الفت و تعارف کی راہ ہموار کرنا ہے، چنانچہ فرضیتِ زکوۃ کی حکمت و غایت بیان کرتے ہوئے رب تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

" خُذْ مِنْ اَمْوٰلِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيْهِمْ بِهَا "[۱]

"اے محبوب ان کے مال میں سے زکوٰۃ تحصیل کرو جس سے تم انھیں ستھرا اور پاکیزہ کردو"۔

لہٰذا انسان اور اسکے مال کی پاکیزگی اور معاشرے میں بسنے والے غرباء و مساکین کے ساتھ رحم دلی اور ہمدردی فرضیتِ زکوۃ کی حکمت ہے۔

اسی طرح مسلمانوں پر روزہ فرض کیا گیا، روزہ محض بھوکا اور پیاسا رہنے کا نام نہیں بلکہ اس کی حکمت یہ ہے کہ انسان ہمیشہ حیوانی شہوتوں اور برے اقوال وافعال سے دور رہے، اس لئے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "مَنْ لَمْ يَدَعْ قَوْلَ الزُّورِ وَالعَمَلَ بِهِ، فَلَيْسَ لِلّٰهِ حَاجَةٌ فِي أَنْ يَدَعَ طَعَامَهُ وَشَرَابَهُ"[۲]

"جوشخص جھوٹ اور دغابازی نہیں چھوڑتا اللہ تعالیٰ کو اس کے کھانا پینا چھوڑنے کی کوئی حاجت و ضرورت نہیں"، اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مزید ارشاد فرمایا:

"لَيْسَ الصِّيَامُ مِنَ الأَكْلِ وَالشُّرْبِ، إِنَّمَا الصِّيَامُ مِنَ اللَّغْوِ وَالرَّفَثِ، فَإِنْ سَابَّكَ أَحَدٌ أَوْ جَهِلَ عَلَيْكَ فَلْتَقُلْ: إِنِّي صَائِمٌ، إِنِّي صَائِمٌ "[۳]

" صرف کھانے پینے سے رکنا روزہ نہیں بلکہ روزہ تو بیہودہ و فحش گوئی سے باز رہنے کا نام ہے پس اگر تمہیں کوئی گالی دے یا اجڈپن دکھائے تو تمہیں چاہیے کہ تم کہو کہ میں روزہ دار ہوں، میں روزہ دار ہوں"۔

---

(۱) القرآن الکریم، سورۃ التوبۃ، الآیۃ رقم: ۱۰۳

(۲) صحیح البخاری، كِتَابُ الصَّوْمِ، بَابُ مَنْ لَمْ يَدَعْ قَوْلَ الزُّورِ، وَالعَمَلَ بِهِ فِي الصَّوْمِ (ج ۳/ص ۲۶ حدیث نمبر: ۱۹۰۳)

(۳) صحیح ابن خزیمۃ، كِتَابُ الصِّيَامِ، بَابُ النَّهْيِ عَنِ اللَّغْوِ فِي الصِّيَامِ (ج ۳/ص ۲۴۲ حدیث نمبر: ۱۹۹۶)

اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں روزے کی حکمت بیان کرتے ہوئے ارشاد فرماتا ہے۔

"یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کُتِبَ عَلَیْکُمُ الصِّیَامُ کَمَا کُتِبَ عَلَی الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِکُمْ لَعَلَّکُمْ تَتَّقُوْنَ"[1]

"اے ایمان والوتم پر روزے فرض کئے گئے جیسے اگلوں پر فرض ہوئے تھے کہ کہیں تمہیں پر ہیزگاری ملے"۔

لہٰذا بے حیائی و فحش گوئی سے باز رہنا اور تقویٰ و پرہیزگاری سے اپنے ظاہر و باطن کو آراستہ کرنا فرضیتِ روزہ کی حکمت ہے۔

اسی طرح فرضیتِ حج سے انسان کا یہ سمجھنا کہ یہ محض مقدس و متبرک مقامات کی حاضری کا نام ہے، غلط ہے کیونکہ حج محض مقدس مقامات کی حاضری نہیں بلکہ مقدس مقامات کی حاضری کے ساتھ ساتھ تقوی الٰہی اور اخلاقی صفات سے اپنی ذات کو متصف کرنے کا نام ہے۔ چنانچہ رب تعالیٰ حج کے متعلق احکام بیان کرتے ہوئے فرماتا ہے۔

"اَلْحَجُّ اَشْھُرٌ مَّعْلُوْمٰتٌ فَمَنْ فَرَضَ فِیْھِنَّ الْحَجَّ فَلَا رَفَثَ وَلَا فُسُوْقَ وَلَا جِدَالَ فِی الْحَجِّ وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَیْرٍ یَّعْلَمْهُ اللّٰهُ وَتَزَوَّدُوْا فَاِنَّ خَیْرَ الزَّادِ التَّقْوٰی وَاتَّقُوْنِ یٰاُولِی الْاَلْبَابِ"[2]

"حج کے کئی مہینے ہیں جانے ہوئے توجو ان میں حج کی نیت کرے تو نہ عورتوں کے سامنے صحبت کا تذکرہ ہو نہ کوئی گناہ نہ کسی سے جھگڑا حج کے وقت تک اور تم جو بھلائی کرو اللہ اسے جانتا ہے اور توشہ ساتھ لو کہ سب سے بہتر توشہ پرہیزگاری ہے اور مجھ سے ڈرتے رہو اے عقل والو"۔

گزشتہ سطور میں اسلام کی مشہور عبادات کا مختصر جائزہ لیا گیا جنہیں اسلام کے اصل ارکان میں شامل کیا گیا ہے ان عبادات کی مشروعیت کی حکمتوں سے دینِ اسلام اور اخلاق کے باہمی تعلق کی مضبوطی و پختگی معلوم ہوتی ہے۔

---

(۱) القرآن الکریم، سورۃ البقرۃ، الآیۃ رقم: ۱۸۳

(۲) القرآن الکریم، سورۃ البقرۃ، الآیۃ رقم: ۱۹۷

یہ عبادات اپنے جوہر و مظہر میں مختلف عبادات شمار کی جاتی ہیں لیکن اپنے مقصد و غایت کے اعتبار سے ایک ہیں جنہیں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اس مبارک فرمان میں اس طرح اجاگر فرمایا ہے۔ " إِنَّمَا بُعِثْتُ لِأُتَمِّمَ صَالِحَ الْأَخْلَاقِ "[1] " مجھے اخلاقِ صالحہ کی تعلیمات کی تکمیل کے لیے ہی مبعوث کیا گیا ہے"۔

لہٰذا اگر کوئی لاکھ نمازی، حاجی، روزے دار اور تہجد گزار ہو لیکن عبادات کے ثمرات سے محروم ہو تو اسکی ساری نمازیں ، روزے اور حج سب کچھ ضائع جائیں گے ، اسی مفہوم کی وضاحت حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان سے ہوتی ہے کہ آپ نے ایک دن اپنے صحابہ سے پوچھا کہ

«أَتَدْرُونَ مَا الْمُفْلِسُ؟» قَالُوا: الْمُفْلِسُ فِينَا مَنْ لَا دِرْهَمَ لَهُ وَلَا مَتَاعَ، فَقَالَ: «إِنَّ الْمُفْلِسَ مِنْ أُمَّتِي يَأْتِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِصَلَاةٍ، وَصِيَامٍ، وَزَكَاةٍ، وَيَأْتِي قَدْ شَتَمَ هَذَا، وَقَذَفَ هَذَا، وَأَكَلَ مَالَ هَذَا، وَسَفَكَ دَمَ هَذَا، وَضَرَبَ هَذَا، فَيُعْطَى هَذَا مِنْ حَسَنَاتِهِ، وَهَذَا مِنْ حَسَنَاتِهِ، فَإِنْ فَنِيَتْ حَسَنَاتُهُ قَبْلَ أَنْ يُقْضَى مَا عَلَيْهِ أُخِذَ مِنْ خَطَايَاهُمْ فَطُرِحَتْ عَلَيْهِ، ثُمَّ طُرِحَ فِي النَّارِ»[2]

"کیا تم جانتے ہو کہ مفلس کون ہے ؟ صحابہ نے کہا ہمارے نزدیک مفلس وہ شخص کہلاتا ہے جس کے پاس نہ درہم ہوں اور نہ کوئی اور مال و متاع ، آپ نے فرمایا : میری امت کا مفلس وہ شخص ہے جو قیامت کے دن نماز ، روزہ اور زکوۃ لے کر آئے گا جب کہ اس شخص نے (دنیا میں) کسی کو گالی دی تھی ، کسی پر تہمت لگائی تھی ، کسی کا مال کھایا تھا ، کسی کا خون بہایا تھا ، کسی کو مارا تھا (تو اس کے ان برے اعمال کی وجہ سے) اس شخص کو اس کی نیکیاں مل جائیں گی اور اسے اس کی نیکیاں مل جائیں گی پھر اگر ان کے حقوق پورے ہونے سے پہلے اس کی نیکیاں ختم ہو جائیں گی تو ان کے گناہ اس پر ڈال دیئے جائیں گے اور پھر اسکو جہنم میں ڈال دیا جائے گا"۔

---

(۱) مسند احمد ، مُسْنَدُ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ (ج ۱۴/ص ۵۱۳ حدیث نمبر : ۸۹۵۱)

(۲) صحیح مسلم ، کتاب الْبِرِّ وَالصِّلَةِ وَالْآدَابِ، بَابُ تَحْرِيمِ الظُّلْمِ (ج ۴/ص ۱۹۹۷ حدیث نمبر : ۲۵۸۱)

لہٰذا بد نصیب ہے وہ شخص جو نمازی، حاجی اور روزے دار تو ہے لیکن اخلاقی صفات سے محروم ہے، کیونکہ اگر وہ اچھا انسان نہیں تو نہ اس کی نمازوں کا اسے فائدہ ہے نہ کسی اور عبادت کا، اس سلسلے میں حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان مزید وضاحت کرتا ہے کہ

قَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّ فُلَانَةَ يُذْكَرُ مِنْ كَثْرَةِ صَلَاتِهَا، وَصِيَامِهَا، وَصَدَقَتِهَا، غَيْرَ أَنَّهَا تُؤْذِي جِيرَانَهَا بِلِسَانِهَا، قَالَ: «هِيَ فِي النَّارِ»

"ایک آدمی نے کہا: یارسول اللہ! فلاں عورت کثرتِ صوم وصلاۃ اور کثرتِ صدقات کے سبب مشہور ہے ہاں مگر اپنی زبان سے پڑوسیوں کو تکلیف دیتی ہے، آپ نے فرمایا: وہ جہنمی ہے"۔

پھر اس آدمی نے کہا:

يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَإِنَّ فُلَانَةَ يُذْكَرُ مِنْ قِلَّةِ صِيَامِهَا، وَصَدَقَتِهَا، وَصَلَاتِهَا، وَإِنَّهَا تَصَدَّقُ بِالْأَثْوَارِ مِنَ الْأَقِطِ، وَلَا تُؤْذِي جِيرَانَهَا بِلِسَانِهَا، قَالَ: «هِيَ فِي الْجَنَّةِ» (۱)

"یارسول اللہ! فلاں عورت کے روزوں، صدقات، اور نمازوں کی کمی بیان کی جاتی ہے اور یہ کہ وہ پنیر کے چند ٹکڑے صدقہ کرتی ہے، مگر اپنی زبان سے پڑوسیوں کو تکلیف نہیں دیتی، آپ نے فرمایا: وہ جنتی ہے"۔

اور ایسے ہی شخص کے متعلق رب تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

"اِنَّهٗ مَنۡ یَّاۡتِ رَبَّهٗ مُجۡرِمًا فَاِنَّ لَهٗ جَهَنَّمَ لَا یَمُوۡتُ فِیۡهَا وَ لَا یَحۡیٰی" (۲)

"بیشک جو اپنے رب کے حضور مجرم ہو کر آئے تو ضرور اس کے لئے جہنّم ہے جس میں نہ مرے نہ جئے"۔

اور جو شخص ایمان کے ساتھ اچھے اعمال کا پابند ہے تو اس کے لئے رب تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

"وَ مَنۡ یَّاۡتِهٖ مُؤۡمِنًا قَدۡ عَمِلَ الصّٰلِحٰتِ فَاُولٰٓئِکَ لَهُمُ الدَّرَجٰتُ الۡعُلٰی جَنّٰتُ عَدۡنٍ تَجۡرِیۡ مِنۡ تَحۡتِهَا الۡاَنۡهٰرُ خٰلِدِیۡنَ فِیۡهَا وَ ذٰلِکَ جَزٰٓؤُا مَنۡ تَزَکّٰی" (۳)

---

(۱) مسند احمد، مُسْنَدُ الْمُكْثِرِينَ مِنَ الصَّحَابَةِ، مُسْنَدُ أَبِي هُرَيْرَةَ (ج ۱۵/ص ۴۲۱ حدیث نمبر: ۹۶۷۵)

(۲) القرآن الکریم، سورۃ طٰہٰ، الآیۃ رقم: ۷۴

(۳) القرآن الکریم، سورۃ طٰہٰ، الآیۃ رقم: ۷۶،۷۵

"اور جو اس کے حضور ایمان کے ساتھ آئے کہ اچھے کام کیئے ہوں تو انہیں کے درجے اونچے، بسنے کے باغ جن کے نیچے نہریں بہیں ہمیشہ ان میں رہیں اور یہ صلہ ہے اس کا جو پاک ہوا"۔

پھر اگر اسلامی تعلیمات کا بغور جائزہ لیا جائے تو حسنِ اخلاق کی اہمیت کا پتہ اس بات سے چلتا ہے کہ اسلام کی نوے فیصد تعلیمات اخلاقیات پر مشتمل ہیں اور صرف دس فیصد تعلیمات کا تعلق عبادات سے ہے، پھر ان عبادات کا مقصد و غایت بھی انسان کو حسنِ اخلاق کا خوگر اور عادی بنانا ہے۔

گویا سارا دین حسنِ اخلاق ہے۔

اس لئے ہم اس وقت تک مومن نہیں ہو سکتے جب تک اخلاقیات کے اعلیٰ معیار کو نہیں چھو لیتے اور ہم اس وقت تک مسلمان بھی نہیں ہو سکتے جب تک ہماری زبان اور ہاتھ سے دوسرا مسلمان محفوظ نہیں ہو جاتا چنانچہ ایک مسلمان نماز، روزے اور حج کی بنیاد پر روزِ قیامت نجات حاصل نہیں کر سکتا، اسے عبادات کے ساتھ ساتھ اخلاقیات کے تمام معیار پورا کرنا ہوں گے، یہ جب تک معاشرے میں انصاف قائم نہیں کرے گا، یہ جب تک دوسرے انسانوں کو رنگ، نسل، مذہب اور زبان سے بالاتر ہو کر اپنے جیسا انسان نہیں سمجھے گا، یہ جب تک نرم آواز میں نہیں بولے گا، پورا نہیں تولے گا، پورا نہیں ناپے گا، ملاوٹ سے نہیں بچے گا، یہ صفائی کو نصف ایمان ثابت نہیں کرے گا، یہ جب تک بچوں کو شفقت، خواتین کو احترام، بوڑھوں کو محبت اور ملازموں کو عزت نہیں دے گا، یہ قانون کو سب کے لیے برابر نہیں سمجھے گا، یہ ادویات اور خوراک کی کوالٹی کی ضمانت نہیں دے گا، یہ دوسروں کے خیالات برداشت نہیں کرے گا، یہ غیبت، نفرت، منافقت سے پرہیز نہیں کرے گا، یہ اپنی زندگی فلاحِ عام کے لیے وقف نہیں کرے گا، یہ یتیموں، بیواؤں، مسکینوں اور بیماروں کا خیال نہیں رکھے گا، یہ لوگوں کے ساتھ شائستگی، رواداری اور اخوت کا مظاہرہ نہیں کرے گا اور یہ دنیا کے ہر مظلوم کے لیے اٹھ کر کھڑا نہیں ہو گا تو یہ اس وقت تک روزِ قیامت نجات حاصل نہیں کر سکے گا۔

روزِ قیامت نجات پانے کا ذریعہ عبادات کے ساتھ ساتھ اخلاقیات کے اعلیٰ معیار کو پورا کرنا ہے، اسی طرح دنیاوی مصیبتوں، آفتوں، نفرتوں، نا امیدیوں اور مسلمانوں کو تباہی و بربادی کے

راستے سے بچانے کا واحد حل بھی حسنِ اخلاق ہی میں مضمر ہے، اس لئے کہ موجودہ معاشرے پر اگر نظر ڈالی جائے تو ہر طرف افراتفری، نوچوں دبوچوں کا ماحول، نفرتوں کا الاؤ گرم نظر آتا ہے، اشرف المخلوقات ہوتے ہوئے بھی انسان انسان کا قاتل بنا ہوا ہے، اور تاریخ کے اوراق گواہ ہیں کہ جو قوم اخلاقی پستی کا شکار ہوئی وہ تباہ و برباد ہو کر صفحہ ہستی سے مٹ گئی، آج ہمارا معاشرہ بھی اخلاقی پستی کی آخری حدوں کو چھو رہا ہے اس لئے انسان اگران مصیبتوں، آفتوں اور نا امیدیوں سے نکلنا چاہتا ہے تو اسے اپنے آقا و مولا صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمودات کو مشعلِ راہ بنانا ہوگا اور اسے اپنے اندر سے حسد و جلن ، بغض و کینہ ، غرور و تکبر ، نفرت و عداوت ، ظلم و استبداد ، جبر و تشدد، بے حیائی و فحش گوئی، غیبت و منافقت جیسے موذی امراض کو نکالنا ہوگا۔

معاشرے کے اندر پھیلے فساد کی روک تھام کیلئے ہی زیرِ نظر کتاب " مسلمان کے اخلاق " مرتب کی گئی ہے، جس کا سببِ تالیف کچھ یوں ہے کہ ہمارے ملک میں آئے روز فسادات برپا کئے جارہے ہیں اور عجیب بات یہ ہے کہ یہ فتنہ و فساد دنیا دار طبقہ نہیں بلکہ اپنے آپ کو دیندار کہلوانے والے بعض طبقوں کی طرف سے سامنے آرہا ہے، آئے روز مسجدوں میں جھگڑے کہ یہ مسجد ہمارے مسلک و مشرب کی ہے اور پھر اس پر فتنہ و فساد اور خون خرابہ، ہمارے ضلع ہری پور میں بھی کچھ ایسے ہی واقعات سامنے آئے کہ مسلک اہلسنت وجماعت کی بعض مساجد پر بعض متشدد گروپوں نے قبضے کرنے شروع کئے جس کے نتیجے میں فتنہ و فساد کو ہوا ملی، تو متحدہ تنظیمات اہلسنت نے ایک میٹنگ کا اہتمام کیا جس میں اتحاد کے اراکین نے متفقہ طور پر یہ موقف ظاہر کیا کہ جو مساجد ہماری ہیں ان میں دیگر مسالک و مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے حضرات آکر فتنہ و فساد نہ پھیلائیں اور نہ ہی ہمارے مسلک و مشرب سے تعلق رکھنے والے افراد دیگر مسالک کی مسجدوں میں جاکر اپنی فکر کی تشہیر کرنے کی کوشش کریں، ہمیں چاہیے کہ ہم پر امن اور اپنی مسجدوں تک محدود رہیں اور دیگر مکاتبِ فکر سے تعلق رکھنے والے حضرات کو بھی چاہیے کہ وہ پرامن طور پر اپنی مساجد میں اپنی فکر کی تشہیر کریں۔ دیہی و شہری علاقوں میں ایک زمانے سے ہمارے اسلاف کے طریقوں پر لوگ کاربند ہیں اب اگر اس محلے میں کوئی ایک شخص بگڑ کر قبضہ گروپ

میں شامل ہو گیا تو اس کا یہ مطلب ہر گز نہیں کہ وہ مسجد ان کی ہو گی ہاں اگر وہ اپنی فکر کی تشہیر چاہتے ہیں تو اپنی کسی مسجد میں یہ سلسلہ شروع کریں اور اگر مسجد نہیں تو اپنے لئے مسجد کا اہتمام کریں نہ یہ کہ ہماری مسجدوں میں آکر فتنہ و فساد برپا کریں۔

اسی میٹنگ میں مصنف نے یہ تجویز پیش کی کہ مسجدوں میں ایک دوسرے کے خلاف ابھارنے اور منافرانہ تقاریر کے بجائے قرآن وحدیث اور اولیائے کرام کے اقوال کی روشنی میں حسنِ اخلاق کی اہمیت اجاگر کی جائے تا کہ معاشرے میں امن وسکون کی فضا قائم ہو سکے، اور یہ دروس مستند احادیث وآثار پر مبنی ہوں۔

چنانچہ اراکینِ اتحاد نے اس موضوع پر علمی مواد مرتب کرنے کی ذمہ داری مصنفِ کتاب پر ڈالی جن کی خواہش کی تکمیل کے لئے یہ کتاب مرتب کی گئی ، اور یہ کتاب بغیر کسی تشریح و توضیح کے قرآنی آیات اور مستند احادیث وآثار پر مشتمل رکھی گئی تا کہ ہر مسلمان اس سے استفادہ کر سکے۔

زیرِ نظر کتاب کے اصل علمی مراجع اور ماخذ جامعۃ الازہر (مصر) کے مختلف شعبہ جات میں پڑھائے جانے والی مختلف کتابیں ہیں جن سے استفادہ کرنے کے بعد مصنف نے اصل علمی مراجع کی طرف رجوع کیا اور اصل علمی مراجع سے تمام احادیث وآثار نقل کئے ، ان کا ترجمہ کیا اور احادیث وآثار پر اعراب لگائے اور قرآنی آیات کا ذاتی ترجمہ کرنے کے بجائے اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی امام احمد رضا القادری رحمۃ اللہ علیہ کے شہرہ آفاق ترجمہ قرآن " کنزالایمان " سے سارا ترجمہ نقل کیا، پھر احادیث وآثار کی علمی تخریج کی اور دورانِ تخریج متعدد طرقِ حدیث ذکر کرنے میں توسع اختیار کیا تا کہ درس دینے والے احباب اپنی تشریح و توضیح کرنے کے بجائے حدیث کے متعدد طرق سے حدیث کی وضاحت کریں، اور اس کے علاوہ بھی تعددِ طرق کے بہت سے فوائد ہیں جنہیں علماء نے اپنی کتابوں میں شرح وبسط سے قلمبند کیا ہے، ان تمام فوائد کو ملحوظِ خاطر رکھتے ہوئے احادیث کے متعدد طرق ذکر کئے گئے ہیں۔

زیرِ نظر کتاب "مسلمان کے اخلاق " کی پہلی جلد قارئین کے سامنے ہے ، دوسری جلد بھی ان شاء اللہ العزیز جلد قارئین کے ہاتھوں میں ہو گی۔

زیرِ نظر کتاب "**مسلمان کے اخلاق**" شرفِ انتساب، فہرست، مقدمہ، دو ابواب اور مصادر و مراجع پر مشتمل ہے، پھر ہر باب چھ فصلوں پر مشتمل ہے جن کی ترتیب درج ذیل ہے۔

آخر میں میں اپنے استاذِ محترم قاری محمد حفیظ الرحمن صاحب، حاجی محمد صالح صاحب اور اپنے برادر مکرم محمد اسد صاحب کا تہہ دل سے شکر گزار ہوں کہ ان حضرات نے اس کتاب کے سلسلے میں بھرپور تعاون کیا جس کے نتیجے میں یہ کتاب چھپ کر آپ حضرات کے سامنے ہے۔

اور خاص طور پر شکر گزار ہوں علامہ حق نبی سکندری ازہری صاحب کا جو مجھے دورانِ تصنیف علمی مشوروں سے نوازتے رہے، فجزاہ اللہ خیر الجزاء۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ اس کتاب کو نفعِ عام عطا فرمائے اور پڑھنے والے اور ہمارے معاشرے میں بسنے والے مسلمانوں کو حسنِ اخلاق اپنانے کی توفیق عطا فرمائے، اور تا دیر اس کتاب کی افادیت قائم اور جاری رہے، اللہ تعالیٰ اس کتاب کے مصنف، معاونین، اور جمیع قارئین کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلۂ جلیلہ سے سعادتِ دارین عطا فرمائے، آمین یارب العلمین۔

محمد عمیر الازہری غفرلہ

۱۴ شوال ۱۴۳۴ھ

بابِ اول : قرآن وحدیث اور علماء واولیاء کے اقوال کی روشنی میں حسنِ اخلاق

فصلِ اول : حسنِ اخلاق کا لغوی واصطلاحی معنی

فصلِ ثانی : حسنِ اخلاق کے بارے میں وارد شدہ آیات

فصلِ ثالث : حسنِ اخلاق کے بارے میں وارد شدہ احادیث

فصلِ رابع : نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی میں حسنِ اخلاق کی عملی تطبیق

فصلِ خامس: حسنِ اخلاق کے بارے میں وارد شدہ آثار اور علماء واولیاء کے اقوال

فصلِ سادس : حسنِ اخلاق کے فوائد

فصلِ اول : حسنِ اخلاق کا لغوی و اصطلاحی معنی

حسن کا لغوی معنی:

حسن قبح کی ضد ہے اہل عرب کہتے ہیں رجل حسن [خوبصورت مرد]۔ حسن، جمال کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔

اخلاق کا لغوی معنی:

اخلاق، خلق کی جمع ہے جو انسان کی اس سجیت و طبیعت کا نام ہے جس پر اسکی تخلیق کی گئی ہو، یہ [خ ل ق] مادہ سے مشتق ہے جو کسی شے پر قدرت رکھنے پر دلالت کرتا ہے۔ امام ابن فارس فرماتے ہیں:

« هِيَ السَّجِيَّةُ، لِأَنَّ صَاحِبَهُ قَدْ قُدِّر عَلَيْهِ »[1] "خلق کا معنی سجیت و طبیعت ہے کیونکہ انسان کو اس پر قدرت دی گئی ہے"۔

امام راغب اصفہانی فرماتے ہیں: **«الخَلْقُ والخُلْقُ في الأصل واحد لكن خصّ الخلق بالهيئات والأشكال والصّور المدركة بالبصر، وخصّ الخلق بالقوى والسّجايا المدركة بالبصيرة »**[2]

"خلق [خ کے فتحہ] اور خلق [خ کے ضمہ کیساتھ] دونوں کی اصل ایک ہے لیکن خلق [فتحہ کیساتھ] مختلف شکلوں، ہیئتوں اور آنکھ کے ساتھ ادراک کی جانے والی چیزوں میں استعمال کیا جاتا ہے اور خلق [ضمہ کیساتھ] بصیرت کے ساتھ ادراک کی جانے والی مختلف طبیعتوں اور قوتوں کیلئے استعمال کیا جاتا ہے"۔

اخلاق کا اصطلاحی معنی:

امام ماوردی فرماتے ہیں: **«الْأَخْلَاق غرائز كامنة تظهر بِالِاخْتِيَارِ وتقهر بالاضطرار»**[3]

اخلاق سے مراد وہ پوشیدہ خصلتیں ہیں جو اختیاری طور پر ظاہر ہوتی ہیں اور اضطراری طور پر ان پر قابو پایا جاتا ہے۔

---

(۱) مقاييس اللغة ، أحمد بن فارس القزويني (ج۲/ ص ۲۱۴)
(۲) المفردات في غريب القرآن ، الراغب الأصفهانی (ج ۱/ص ۲۹۷)
(۳) تسهيل النظر وتعجيل الظفر في أخلاق الملك، أبو الحسن علي بن محمد الماوردي (ج ۱/ص ۵)

امام جرجانی فرماتے ہیں:« **الخُلق: عبارة عن هيئة للنفس راسخة تصدر عنها الأفعال بسهولة ويسر من غير حاجة إلى فكر وروية، فإن كانت الهيئة بحيث تصدر عنها الأفعال الجميلة عقلًا وشرعًا بسهولة، سميت الهيئة: خلقًا حسنًا، وإن كان الصادر منها الأفعال القبيحة، سميت الهيئة: خلقًا سيئًا، وإنما قلنا: إنه هيئة راسخة؛ لأن من يصدر منه بذل المال على الندور بحالة عارضة لا يقال: خلقه السخاء، ما لم يثبت ذلك في نفسه**»[1]

"خلق نفس کی اس پختہ کیفیت کا نام ہے جس سے بغیر کسی غور و فکر کے انتہائی آسانی اور سہولت کیساتھ افعال صادر ہوتے ہیں پس اگر اس پختہ کیفیت سے بآسانی عقلا اور شرعا اچھے افعال صادر ہوتے ہیں تو اس کیفیت کو خلقِ حسن کہا جاتا ہے اور اگر اس سے عقلا و شرعا قبیح افعال صادر ہوتے ہیں تو اسے خلقِ سیئ کہا جاتا ہے۔

ہم نے خلق کی تعریف میں جو پختہ کیفیت کی قید لگائی ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ جس شخص سے سخاوت کبھی کبھار صادر ہو اسے سخی نہیں کہا جا سکتا جب تک کہ یہ کیفیت اس کے مزاج میں پختہ نہ ہو جائے"۔

(۱) كتاب التعريفات ،علي بن محمد الشريف الجرجاني (ج ۱/ ص ۱۰۱)

فصلِ ثانی : حسنِ اخلاق کے بارے میں وارد شدہ آیات

۱ - نٓ وَالْقَلَمِ وَ مَا یَسْطُرُوْنَ ﴿۱﴾ مَآ اَنْتَ بِنِعْمَةِ رَبِّكَ بِمَجْنُوْنٍ ﴿۲﴾ وَاِنَّ لَكَ لَاَجْرًا غَیْرَ مَمْنُوْنٍ ﴿۳﴾ وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِیْمٍ ﴿۴﴾ القلم

ترجمہ: قلم اور ان کے لکھے کی قسم (۱) تم اپنے رب کے فضل سے مجنون نہیں (۲) اور ضرور تمہارے لئے بے انتہا ثواب ہے (۳) اور بے شک تمہاری خو بو بڑی شان کی ہے (۴)

۲ - وَاِذْ اَخَذْنَا مِیْثَاقَ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ لَا تَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ قف وَبِالْوَالِدَیْنِ اِحْسَانًا وَّذِی الْقُرْبٰى وَالْیَتٰمٰى وَالْمَسٰكِیْنِ وَقُوْلُوْا لِلنَّاسِ حُسْنًا وَّاَقِیْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ط ثُمَّ تَوَلَّیْتُمْ اِلَّا قَلِیْلًا مِّنْكُمْ وَاَنْتُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿۸۳﴾ البقرة

ترجمہ: اور جب ہم نے بنی اسرائیل سے عہد لیا کہ اللہ کے سوا کسی کو نہ پوجو اور ماں باپ کے ساتھ بھلائی کرو اور رشتہ داروں اور یتیموں اور مسکینوں سے اور لوگوں سے اچھی بات کہو اور نماز قائم رکھو اور زکوٰۃ دو پھر تم پھر گئے مگر تم میں کے تھوڑے اور تم رو گردان ہو۔

۳- اِدْفَعْ بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ السَّیِّئَةَ ط نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا یَصِفُوْنَ ﴿۹۶﴾ المومنون

ترجمہ: سب سے اچھی بھلائی سے برائی کو دفع کرو ہم خوب جانتے ہیں جو باتیں یہ بناتے ہیں۔

۴- وَقُلْ لِّعِبَادِیْ یَقُوْلُوا الَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ ط اِنَّ الشَّیْطٰنَ یَنْزَغُ بَیْنَهُمْ ط اِنَّ الشَّیْطٰنَ كَانَ لِلْاِنْسَانِ عَدُوًّا مُّبِیْنًا ﴿۵۳﴾ الإسراء

ترجمہ: اور میرے بندوں سے فرماؤ وہ بات کہیں جو سب سے اچھی ہو بیشک شیطان ان کے آپس میں فساد ڈال دیتا ہے بیشک شیطان آدمی کا کھلا دشمن ہے۔

۵ - وَلَا تُجَادِلُوْٓا اَهْلَ الْكِتٰبِ اِلَّا بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ ۖ اِلَّا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ وَقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا بِالَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَاُنْزِلَ اِلَيْكُمْ وَاِلٰهُنَا وَاِلٰهُكُمْ وَاحِدٌ وَّنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ﴿۴۶﴾ العنکبوت

ترجمہ: اور اے مسلمانو کتابیوں سے نہ جھگڑو مگر بہتر طریقہ پر مگر وہ جنہوں نے ان میں سے ظلم کیا اور کہو ہم ایمان لائے اس پر جو ہماری طرف اُترا اور جو تمہاری طرف اُترا اور ہمارا تمہارا ایک معبود ہے اور ہم اس کے حضور گردن رکھے ہیں۔

۶ - وَمَنْ اَحْسَنُ قَوْلًا مِّمَّنْ دَعَآ اِلَى اللّٰهِ وَعَمِلَ صَالِحًا وَّقَالَ اِنَّنِيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۳۳﴾ وَلَا تَسْتَوِي الْحَسَنَةُ وَلَا السَّيِّئَةُ ۭ اِدْفَعْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ فَاِذَا الَّذِيْ بَيْنَكَ وَبَيْنَهٗ عَدَاوَةٌ كَاَنَّهٗ وَلِيٌّ حَمِيْمٌ ﴿۳۴﴾ وَمَا يُلَقّٰىهَآ اِلَّا الَّذِيْنَ صَبَرُوْا ۚ وَمَا يُلَقّٰىهَآ اِلَّا ذُوْ حَظٍّ عَظِيْمٍ ﴿۳۵﴾ حم السجدة

ترجمہ: اور اس سے زیادہ کس کی بات اچھی جو اللہ کی طرف بلائے اور نیکی کرے اور کہے میں مسلمان ہوں (۳۳) اور نیکی اور بدی برابر نہ ہو جائیں گی اے سننے والے. برائی کو بھلائی سے ٹال جبھی وہ کہ تجھ میں اور اس میں دشمنی تھی ایسا ہو جائے گا جیسا کہ گہرا دوست (۳۴) اور یہ دولت نہیں ملتی مگر صابروں کو اور اسے نہیں پاتا مگر بڑے نصیب والا (۳۵)

۷ - وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ خِلْفَةً لِّمَنْ اَرَادَ اَنْ يَّذَّكَّرَ اَوْ اَرَادَ شُكُوْرًا ﴿۶۲﴾ وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِيْنَ يَمْشُوْنَ عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا وَّاِذَا خَاطَبَهُمُ الْجٰهِلُوْنَ قَالُوْا سَلٰمًا ﴿۶۳﴾ وَالَّذِيْنَ يَبِيْتُوْنَ لِرَبِّهِمْ سُجَّدًا وَّقِيَامًا ﴿۶۴﴾ وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ﴿۶۵﴾ ۖ اِنَّهَا سَاۗءَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ﴿۶۶﴾ وَالَّذِيْنَ اِذَآ اَنْفَقُوْا لَمْ يُسْرِفُوْا

وَلَمْ يَقْتُرُوْا وَكَانَ بَيْنَ ذٰلِكَ قَوَامًا ﴿٦٧﴾ وَالَّذِيْنَ لَا يَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰـهًا اٰخَرَ وَلَا يَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا يَزْنُوْنَ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ يَلْقَ اَثَامًا ﴿٦٨﴾ يُّضٰعَفْ لَهُ الْعَذَابُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَيَخْلُدْ فِيْهٖ مُهَانًا ﴿٦٩﴾ اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا صٰلِحًا فَاُولٰٓئِكَ يُبَدِّلُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِهِمْ حَسَنٰتٍ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿٧٠﴾ وَمَنْ تَابَ وَعَمِلَ صٰلِحًا فَاِنَّهٗ يَتُوْبُ اِلَى اللّٰهِ مَتَابًا ﴿٧١﴾ وَالَّذِيْنَ لَا يَشْهَدُوْنَ الزُّوْرَ ۙ وَاِذَا مَرُّوْا بِاللَّغْوِ مَرُّوْا كِرَامًا ﴿٧٢﴾ الفرقان

ترجمہ: اور وہی ہے جس نے رات اور دن کی بدلی رکھی اس کے لئے جو دھیان کرنا چاہے یا شکر کا ارادہ کرے (۶۲) اور رحمٰن کے وہ بندے کہ زمین پر آہستہ چلتے ہیں اور جب جاہل ان سے بات کرتے ہیں تو کہتے ہیں بس سلام (۶۳) اور وہ جو رات کاٹتے ہیں اپنے رب کے لئے سجدے اور قیام میں (۶۴)
اور وہ جو عرض کرتے ہیں اے ہمارے رب ہم سے پھیر دے جہنّم کا عذاب بیشک اس کا عذاب گلے کا غل ہے (۶۵) بیشک وہ بہت ہی بری ٹھہرنے کی جگہ ہے (۶۶) اور وہ کہ جب خرچ کرتے ہیں نہ حد سے بڑھیں اور نہ تنگی کریں اور ان دونوں کے بیچ اعتدال پر رہیں (۶۷) اور وہ جو اللہ کے ساتھ کسی دوسرے معبود کو نہیں پوجتے اور اس جان کو جس کی اللہ نے حرمت رکھی ناحق نہیں مارتے اور بدکاری نہیں کرتے اور جو یہ کام کرے وہ سزا پائے گا (۶۸) بڑھایا جائے گا اس پر عذاب قیامت کے دن اور ہمیشہ اس میں ذلت سے رہے گا (۶۹) مگر جو توبہ کرے اور ایمان لائے اور اچھا کام کرے تو ایسوں کی برائیوں کو اللہ بھلائیوں سے بدل دے گا اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے (۷۰) اور جو توبہ کرے اور اچھا کام کرے تو وہ اللہ کی طرف رجوع لایا جیسی چاہئے تھی (۷۱) اور جو جھوٹی گواہی نہیں دیتے اور جب بیہودہ پر گزرتے ہیں اپنی عزت سنبھالے گزر جاتے ہیں (۷۲)

۸ - يٰبُنَيَّ اَقِمِ الصَّلٰوةَ وَاْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاصْبِرْ عَلٰى مَآ اَصَابَكَ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ﴿١٧﴾ وَلَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ لِلنَّاسِ وَلَا تَمْشِ فِي الْاَرْضِ مَرَحًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرٍ ﴿١٨﴾ وَاقْصِدْ فِيْ مَشْيِكَ وَاغْضُضْ مِنْ صَوْتِكَ ؕ اِنَّ اَنْكَرَ الْاَصْوَاتِ لَصَوْتُ الْحَمِيْرِ ﴿١٩﴾ لقمان

ترجمہ: اے میرے بیٹے نماز برپا رکھ اور اچھی بات کا حکم دے اور بُری بات سے منع کر اور جو افتاد تجھ پر پڑے اس پر صبر کر بیشک یہ ہمت کے کام ہیں (۱۷) اور کسی سے بات کرنے میں اپنا رخسارہ کج نہ کر اور زمین میں اِتراتا نہ چل بیشک اللہ کو نہیں بھاتا کوئی اِتراتا فخر کرتا (۱۸) اور میانہ چال چل اور اپنی آواز کچھ پست کر بیشک سب آوازوں میں بُری آواز گدھے کی (۱۹)

فصلِ ثالث: حسنِ اخلاق کے بارے میں وارد شدہ احادیث

۱- عَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ: قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «اتَّقِ اللّٰهَ حَيْثُمَا كُنْتَ، وَأَتْبِعِ السَّيِّئَةَ الحَسنَةَ تَمْحُهَا، وَخَالِقِ النَّاسَ بِخُلُقٍ حَسَنٍ»[1]

ترجمہ: حضرت ابو ذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے فرمایا: جہاں کہیں بھی ہو (یعنی لوگوں میں ہو یا تنہائی میں) اللہ سے ڈرتے رہو، اور برائی کے پیچھے نیکی کرو نیکی گناہ کو مٹا دے گی، اور لوگوں کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آؤ۔

۲- عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ: أُتِيَ اللّٰهُ بِعَبْدٍ مِنْ عِبَادِهِ آتَاهُ اللّٰهُ مَالًا، فَقَالَ لَهُ: مَاذَا عَمِلْتَ فِي الدُّنْيَا؟ قَالَ: وَلَا يَكْتُمُونَ اللّٰهَ حَدِيثًا، قَالَ: يَا رَبِّ آتَيْتَنِي مَالَكَ، فَكُنْتُ أُبَايِعُ النَّاسَ، وَكَانَ مِنْ خُلُقِي الْجَوَازُ، فَكُنْتُ أَتَيَسَّرُ عَلَى الْمُوسِرِ، وَأُنْظِرُ الْمُعْسِرَ، فَقَالَ اللّٰهُ: أَنَا أَحَقُّ بِذَا مِنْكَ، تَجَاوَزُوا عَنْ عَبْدِي -[2]

---

(۱)سنن الترمذي، أَبْوَابُ البِرِّ وَالصِّلَةِ ،بَابُ مَا جَاءَ فِي مُعَاشَرَةِ النَّاسِ(ج ۴/ص ۱۸۳۷، حديث نمبر: ۱۹۸۷)

المستدرک علی الصحیحین، كِتَابُ الإِيمَانِ ،وَأَمَّا حَدِيثُ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ(ج ۱/ص ۱۲۱، حديث نمبر: ۱۷۸)

مسند البزار ،مُسْنَدُ أَبِي ذَرٍّ الْغِفَارِيِّ،مَيْمُونُ بْنُ أَبِي شَبِيبٍ، عَنْ أَبِي ذَرٍّ(ج ۹/ ص ۴۱۶ ، حديث نمبر: ۴۰۲۲)

سنن الدارمی، بَاب فِي حُسْنِ الْخُلُقِ (ج ۳/ ص ۱۸۳۷ ،حديث نمبر: ۲۸۳۳)

مسند احمد،مُسْنَدُ الْأَنْصَارِ ،حَدِيثُ أَبِي ذَرٍّ الْغِفَارِيِّ رضي الله عنه (ج ۳۵/ص ۲۸۴ ، حديث نمبر: ۲۱۳۵۴)

مسند احمد میں ایک اور جگہ یہی روایت ان الفاظ میں مذکور ہے ، "اتَّقِ اللّٰهَ حَيْثُمَا كُنْتَ، وَخَالِقِ النَّاسَ بِخُلُقٍ حَسَنٍ، وَإِذَا عَمِلْتَ سَيِّئَةً، فَاعْمَلْ حَسَنَةً تَمْحُهَا" مسند احمد،مُسْنَدُ الْأَنْصَارِ ،حَدِيثُ أَبِي ذَرٍّ الْغِفَارِيِّ رضي الله عنه (ج ۳۵/ص ۴۲۵ ،حديث نمبر: ۲۱۵۳۵)

المعجم الاوسط میں یہی روایت ان الفاظ میں مذکور ہے ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ: قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَوْصِنِي قَالَ: «اتَّقِ اللّٰهَ حَيْثُمَا كُنْتَ، وخَالِقِ النَّاسَ بِخُلُقٍ حَسَنٍ»بَابُ الْعَيْنِ،مَنِ اسْمُهُ عَلِيٌّ (ج ۴/ص ۱۲۵ ، حديث نمبر: ۳۷۷۹)

المعجم الصغیر، بَابُ الْعَيْنِ،مَنِ اسْمُهُ عَلِيٌّ (ج ۲۰ / ص ۱۴۴ ،حديث نمبر: ۲۹۶)

المعجم الکبیر میں حیثما کے بجائے اینما کا لفظ مذکور ہے باقی ساری روایت آخری مخرجہ روایت جیسی مذکور ہے۔

بَابُ الْمِيمِ،مَيْمُونُ بْنُ أَبِي شَبِيبٍ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ (ج ۱/ص ۳۲۰ ، حديث نمبر: ۵۳۰)

المعجم الکبیر میں ایک اور جگہ یہی روایت ان الفاظ میں مذکور ہے، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَوْصِنِي، قَالَ: «اتَّقِ اللّٰهَ حَيْثُمَا كُنْتَ» قَالَ: زِدْنِي، قَالَ: «أَتْبِعِ السَّيِّئَةَ الْحَسَنَةَ تَمْحُهَا، وَخَالِقِ النَّاسَ بِخُلُقٍ حَسَنٍ»

بَابُ الْمِيمِ،مَيْمُونُ بْنُ أَبِي شَبِيبٍ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ (ج ۲۰ / ص ۱۴۵ ،حديث نمبر: ۲۹۷)

(۲) صحیح مسلم، كِتَابُ الْمُسَاقَاةِ،بَابُ فَضْلِ إِنْظَارِ الْمُعْسِرِ (ج ۳/ ص ۱۱۹۵احديث نمبر:۱۵۶۰) ....

ترجمہ: حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ (روزِ قیامت) اللہ تعالیٰ کے سامنے ایک ایسا بندہ پیش کیا جائے گا جسے اللہ تعالیٰ نے دنیا میں مال عطا کیا تھا اللہ تعالیٰ اس بندے سے فرمائے گا تو نے دنیا میں کیا کیا؟ آپ نے فرمایا: اور وہ کوئی بات اللہ سے نہ چھپا سکیں گے، وہ بندہ عرض کرے گا: اے پروردگار تو نے

المستدرک علی الصحیحین میں یہی روایت ان الفاظ میں مذکور ہے، " أتى اللهُ بِعَبْدٍ مِنْ عِبَادِهِ آتَاهُ اللهُ مَالًا فَقَالَ لَهُ: مَاذَا عَمِلْتَ فِي الدُّنْيَا؟ قَالَ {وَلَا يَكْتُمُونَ اللهَ حَدِيثًا} قَالَ: مَا عَمِلْتُ مِنْ شَيْءٍ يَا رَبِّ إِلَّا أَنَّكَ آتَيْتَنِي مَالًا، فَكُنْتُ أُبَايِعُ النَّاسَ، وَكَانَ مِنْ خُلُقِي أَنْ أُيَسِّرَ عَلَى الْمُوسِرِ، وَأُنْظِرَ الْمُعْسِرَ، قَالَ اللهُ تَعَالَى: أَنَا أَحَقُّ بِذَلِكَ مِنْكَ تَجَاوَزُوا عَنْ عَبْدِي "

كِتَابُ التَّفْسِيرِ، تَفْسِيرُ سُورَةِ النِّسَاءِ (ج ۲/ص ۳۳۵ حدیث نمبر: ۳۱۹۷)

صحیح بخاری میں یہی روایت ان الفاظ میں مذکور ہے، "عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: " كَانَ تَاجِرٌ يُدَايِنُ النَّاسَ، فَإِذَا رَأَى مُعْسِرًا قَالَ لِفِتْيَانِهِ: تَجَاوَزُوا عَنْهُ، لَعَلَّ اللهَ أَنْ يَتَجَاوَزَ عَنَّا، فَتَجَاوَزَ اللهُ عَنْهُ "

كِتَابُ الْبُيُوعِ، بَابُ مَنْ أَنْظَرَ مُعْسِرًا (ج ۳/ص ۵۸ حدیث نمبر: ۲۰۷۸)

سنن ابن ماجہ میں یہی روایت ان الفاظ میں مذکور ہے، " أَنَّ رَجُلًا مَاتَ، فَقِيلَ لَهُ: مَا عَمِلْتَ؟ فَإِمَّا ذَكَرَ أَوْ ذُكِّرَ، قَالَ: إِنِّي كُنْتُ أَتَجَوَّزُ فِي السِّكَّةِ وَالنَّقْدِ، وَأُنْظِرُ الْمُعْسِرَ، فَغَفَرَ اللهُ لَهُ "

كِتَابُ الصَّدَقَاتِ، بَابُ إِنْظَارِ الْمُعْسِرِ (ج ۲/ص ۸۰۸ حدیث نمبر: ۲۴۲۰)

مسند احمد میں یہی روایت ان الفاظ میں مذکور ہے،

" أَنَّ رَجُلًا أَتَى بِهِ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ، فَقَالَ: مَاذَا عَمِلْتَ فِي الدُّنْيَا؟ فَقَالَ لَهُ الرَّجُلُ: مَا عَمِلْتُ مِنْ مِثْقَالِ ذَرَّةٍ مِنْ خَيْرٍ أَرْجُوكَ بِهَا، فَقَالَهَا لَهُ ثَلَاثًا، وَقَالَ فِي الثَّالِثَةِ: أَيْ رَبِّ، كُنْتَ أَعْطَيْتَنِي فَضْلًا مِنْ مَالٍ فِي الدُّنْيَا، فَكُنْتُ أُبَايِعُ النَّاسَ، وَكَانَ مِنْ خُلُقِي أَتَجَاوَزُ عَنْهُ، وَكُنْتُ أُيَسِّرُ عَلَى الْمُوسِرِ، وَأُنْظِرُ الْمُعْسِرَ، فَقَالَ عَزَّ وَجَلَّ: نَحْنُ أَوْلَى بِذَلِكَ مِنْكَ، تَجَاوَزُوا عَنْ عَبْدِي، فَغُفِرَ لَهُ "

مُسْنَدُ الشَّامِيِّينَ، بَقِيَّةُ حَدِيثِ أَبِي مَسْعُودٍ الْبَدْرِيِّ الْأَنْصَارِيِّ (ج ۲۸/ص ۲۹۶ حدیث نمبر: ۱۷۰۶۴)

المعجم الکبیر میں یہی روایت ان الفاظ میں مذکور ہے، " أَنَّ رَجُلًا أَتَى بِهِ رَبُّهُ جَلَّ وَعَزَّ فَقَالَ: «مَا عَمِلْتَ لِي فِي الدُّنْيَا؟» فَقَالَ: مَاعَمِلْتُ لَكَ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ مِنْ خَيْرٍ أَرْجُو بِهِ إِلَّا أَنِّي كُنْتُ رَجُلًا قَدْ أَعْطَيْتَنِي مَالًا أُبَايِعُ النَّاسَ، وَكَانَ مِنْ خُلُقِي التَّجَاوُزُ، وَكُنْتُ أُيَسِّرُ عَلَى الْمُوسِرِ، وَأُنْظِرُ الْمُعْسِرَ، فَقَالَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ: " نَحْنُ أَحَقُّ بِذَلِكَ، فَتَجَاوَزُوا عَنْ عَبْدِي، فَغَفَرَ لَهُ.

باب العين ، أَبُو مَالِكٍ الْأَشْجَعِيُّ، عَنْ رِبْعِيٍّ (ج ۱۷/ص ۲۳۵ حدیث نمبر: ۶۴۹)

مسند احمد اور مسند البزار میں ایک اور روایت ان الفاظ میں مذکور ہے، " أَنَّ رَجُلًا مَاتَ فَدَخَلَ الْجَنَّةَ فَقِيلَ لَهُ: مَا كُنْتَ تَعْمَلُ، قَالَ: فَإِمَّا ذَكَرَ وَإِمَّا ذُكِّرَ، فَقَالَ: إِنِّي كُنْتُ أُبَايِعُ النَّاسَ فَكُنْتُ أُنْظِرُ الْمُعْسِرَ، وَأَتَجَوَّزُ فِي السِّكَّةِ. أَوْ فِي النَّقْدِ. فَغُفِرَ لَهُ "

تتمة مسند الأنصار، حَدِيثُ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ (ج ۳۸/ص ۳۹۸ حدیث نمبر: ۲۳۳۸۵)

مُسْنَدُ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ، عَبْدُ الْمَلِكِ، عَنْ رِبْعِيٍّ، عَنْ حُذَيْفَةَ (ج ۷/ص ۲۴۵ حدیث نمبر: ۲۸۲۴)

سنن النسائی اور صحیح ابن حبان میں اسی کی ہم معنی ایک اور حدیث کے الفاظ یوں مذکور ہیں، "عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ يَقُولُ: إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " كَانَ رَجُلٌ يُدَايِنُ النَّاسَ، وَكَانَ إِذَا رَأَى إِعْسَارَ الْمُعْسِرِ قَالَ لِفَتَاهُ: تَجَاوَزْ عَنْهُ، لَعَلَّ اللهَ تَعَالَى يَتَجَاوَزُ عَنَّا، فَلَقِيَ اللهَ فَتَجَاوَزَ عَنْهُ "كِتَابُ الْبُيُوعِ، حُسْنُ الْمُعَامَلَةِ وَالرِّفْقُ فِي الْمُطَالَبَةِ (ج ۷/ص ۳۱۸ حدیث نمبر: ۴۶۹۵) ، كتاب البيوع، بَابُ الدُّيُونِ (ج ۱۱/ص ۴۲۱ حدیث نمبر: ۵۰۴۲)

مجھے مال عطا کیا پس میں لوگوں سے خرید وفروخت کرتا تھا اور لوگوں سے میرا معاملہ انتہائی آسان ہوتا تھا میں مالدار آدمی کے ساتھ بھی معاملات میں آسانی کرتا تھا اور تنگدست آدمی کو مہلت بھی دیتا تھا پس اللہ تعالیٰ (اس کی یہ بات سن کر) فرمائے گا: اس بات کا میں تم سے زیادہ مستحق ہوں ، (لہٰذا اللہ تعالیٰ فرشتوں سے فرمائے گا) میرے اس بندے سے در گزر کر جاؤ۔

۳ - عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: « أَكْمَلُ الْمُؤْمِنِينَ إِيمَانًا أَحْسَنُهُمْ خُلُقًا وَخِيَارُكُمْ خِيَارُكُمْ لِنِسَائِهِمْ»(۱)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم نے فرمایا: ایمان والوں میں کامل ایمان والا وہ ہے جس کا اخلاق سب سے اچھا ہو، اور تم میں سے بہتر وہ ہیں جو اپنی بیویوں کے لئے بہتر ہوں۔

۴ - عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «أَنَا زَعِيمٌ بِبَيْتٍ فِي رَبَضِ الْجَنَّةِ لِمَنْ تَرَكَ الْمِرَاءَ وَإِنْ كَانَ مُحِقًّا، وَبِبَيْتٍ فِي وَسَطِ الْجَنَّةِ لِمَنْ تَرَكَ الْكَذِبَ وَإِنْ كَانَ مَازِحًا وَبِبَيْتٍ فِي أَعْلَى الْجَنَّةِ لِمَنْ حَسُنَ خُلُقُهُ»(۲)

---

(۱) صحیح ابن حبان، ذِكْرُ الْبَيَانِ بِأَنَّ مِنْ أَكْمَلِ الْمُؤْمِنِينَ إِيمَانًا مَنْ كَانَ أَحْسَنَ خُلُقًا (ج ۹/ص ۴۸۳ حدیث نمبر: ۴۱۷۶)
مسند احمد کی روایت میں لِنِسَائِهِمْ کی جگہ لِنِسَائِكُمْ ہے۔ مُسْنَدُ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ (ج ۱۶/ص ۱۱۴ حدیث نمبر: ۱۰۱۰۶)
اور ترمذی کی روایت میں ہے "أَكْمَلُ المُؤْمِنِينَ إِيمَانًا أَحْسَنُهُمْ خُلُقًا، وَخَيْرُكُمْ خَيْرُكُمْ لِنِسَائِهِمْ "
بَابُ مَا جَاءَ فِي حَقِّ المَرْأَةِ عَلَى زَوْجِهَا (ج ۳/ص ۴۵۸ حدیث نمبر: ۱۱۶۲)
المعجم الاوسط میں یہی روایت ان الفاظ میں مذکور ہے ، " أَكْمَلُ الْمُؤْمِنِينَ إِيمَانًا أَحْسَنُهُمْ خُلُقًا، وَخَيْرُكُمْ خَيْرُكُمْ لِأَهْلِهِ "
باب العین، مَنِ اسْمُهُ عَبْدُ اللهِ (ج ۴/ص ۳۵۶ حدیث نمبر: ۴۴۲۰)
مسند احمد کی ایک اور روایت میں سیدہ عائشہ سے اس طرح روایت ہے، " إِنَّ مِنْ أَكْمَلِ الْمُؤْمِنِينَ إِيمَانًا، أَحْسَنَهُمْ خُلُقًا، وَأَلْطَفَهُمْ بِأَهْلِهِ"
مُسْنَدُ الصِّدِّيقَةِ عَائِشَةَ بِنْتِ الصِّدِّيقِ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا (ج ۴۰/ص ۲۴۲ حدیث نمبر: ۲۴۲۰۴)
مصنف ابن ابی شیبہ میں یہی روایت ان الفاظ میں مذکور ہے ،
«أَكْمَلُ النَّاسِ إِيمَانًا وَأَفْضَلُ الْمُؤْمِنِينَ إِيمَانًا أَحْسَنُهُمْ خُلُقًا، وَخِيَارُكُمْ خِيَارُكُمْ لِنِسَائِهِمْ»
كِتَابُ الْأَدَبِ، مَا ذُكِرَ فِي حُسْنِ الْخُلُقِ وَكَرَاهِيَةِ الْفُحْشِ (ج ۵/ص ۲۱۰ حدیث نمبر: ۲۵۳۱۸)
(۲) سنن أبي داود، كِتَاب الْأَدَبِ، بَابٌ فِي حُسْنِ الْخُلُقِ (ج ۴/ص ۲۵۳ حدیث نمبر: ۴۸۰۰)
المعجم الكبير، باب الالف ، مَنِ اسْمُهُ أَحْمَدُ (ج ۸ / ص ۹۸ حدیث نمبر ۷۴۸۸)
المعجم الاوسط، بَابُ الْعَيْنِ، مَنِ اسْمُهُ: عَبْدُ الرَّحْمَنِ (ج ۵ / ص ۶۸ حدیث نمبر: ۴۶۹۳) ....

ترجمہ: حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اس شخص کے لیے جنت کے اطراف میں ایک گھر کا ضامن ہوں جس نے حق پر ہونے کے باوجود جھگڑا چھوڑ دیا اور اس شخص کے لیے جنت کے وسط میں ایک گھر کا ضامن ہوں جس نے مزاح کے طور بھی جھوٹ بولنا چھوڑ دیا اور اس شخص کے لیے جنت کے اعلیٰ درجے میں گھر کا ضامن ہوں جس کے اخلاق اچھے ہوئے۔

۵- ...... قُلْتُ: (ای سعد بن ھشام) يَا أُمَّ الْمُؤْمِنِينَ أَنْبِئِينِي عَنْ خُلُقِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَتْ: أَلَسْتَ تَقْرَأُ الْقُرْآنَ؟ قُلْتُ: بَلَى، قَالَتْ: فَإِنَّ خُلُقَ نَبِيِّ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ الْقُرْآنَ۔[1]

ترجمہ: سعد بن ہشام کہتے ہیں میں نے (سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا کہ) اے ام المومنین مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاق کے متعلق بتایئے، آپ نے فرمایا کیا تو قرآن نہیں پڑھتا؟ انہوں نے جواب دیا کیوں نہیں (یعنی پڑھتا ہوں) آپ نے فرمایا: بے شک نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا اخلاق قرآن تھا۔

السنن الكبرى للبيهقي ،بَابُ: الْمِزَاحُ لَا تُرَدُّ بِهِ الشَّهَادَةُ مَا لَمْ يَخْرُجْ فِي الْمِزَاحِ إِلَى عَضَهِ النَّسَبِ أَوْ عَضَهٍ بِحَدٍّ أَوْ فَاحِشَةٍ (ج ۱۰/ص ۴۲۰ حدیث نمبر: ۲۱۱۷۶)

سنن ابن ماجہ اور سنن الترمذی میں یہی روایت ان الفاظ میں مذکور ہے ،

عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «مَنْ تَرَكَ الْكَذِبَ وَهُوَ بَاطِلٌ، بُنِيَ لَهُ قَصْرٌ فِي رَبَضِ الْجَنَّةِ، وَمَنْ تَرَكَ الْمِرَاءَ وَهُوَ مُحِقٌّ، بُنِيَ لَهُ فِي وَسَطِهَا، وَمَنْ حَسَّنَ خُلُقَه، بُنِيَ لَهُ فِي أَعْلَاهَا»

افتتاح الكتاب في الإيمان وفضائل الصحابة والعلم،بَابُ اجْتِنَابِ الْبِدَعِ وَالْجَدَلِ (ج ۱/ص ۱۹ حدیث نمبر: ۵۱)

أَبْوَابُ الْبِرِّ وَالصِّلَةِ،بَابُ مَا جَاءَ فِي الْمِرَاءِ (ج ۴/ص ۳۵۸ حدیث نمبر: ۱۹۹۳)

(۱) صحيح مسلم، كِتَابُ صَلَاةِ الْمُسَافِرِينَ وَقَصْرِهَا، بَابُ جَامِعِ صَلَاةِ اللَّيْلِ، وَمَنْ نَامَ عَنْهُ أَوْ مَرِضَ (ج ۱/ص ۵۱۲ حدیث نمبر: ۷۴۶)

مسند احمد میں یہی روایت ان الفاظ میں مذکور ہے ،

عَنْ سَعْدِ بْنِ هِشَامٍ، قَالَ: سَأَلْتُ عَائِشَةَ، فَقُلْتُ: أَخْبِرِينِي عَنْ خُلُقِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَتْ: "كَانَ خُلُقُهُ الْقُرْآنَ"

مُسْنَدُ الصِّدِّيقَةِ عَائِشَةَ بِنْتِ الصِّدِّيقِ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا (ج ۴۲/ص ۱۸۳ حدیث نمبر: ۲۵۳۰۲)

مسند احمد میں ایک اور جگہ یہی روایت ان الفاظ میں مذکور ہے ،

"عَنِ الْحَسَنِ قَالَ: سُئِلَتْ عَائِشَةُ عَنْ خُلُقِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَتْ: " كَانَ خُلُقُهُ الْقُرْآنَ"

مسند النساء،مُسْنَدُ الصِّدِّيقَةِ عَائِشَةَ بِنْتِ الصِّدِّيقِ (ج ۴۳/ص ۱۵ حدیث نمبر: ۲۵۸۱۲)

المعجم الاوسط میں یہی روایت ان الفاظ میں مذکور ہے ،

عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ: سَأَلْتُ عَائِشَةَ عَنْ خُلُقِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: «كَانَ خُلُقُهُ الْقُرْآنَ، يَغْضَبُ لِغَضَبِهِ، وَيَرْضَى لِرِضَاهُ» باب الالف،مَنِ اسْمُهُ أَحْمَدُ (ج ۱/ص ۳۰ حدیث نمبر: ۷۲)

٦- عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «إِنَّ اللهَ قَسَمَ بَيْنَكُمْ أَخْلَاقَكُمْ، كَمَا قَسَمَ بَيْنَكُمْ أَرْزَاقَكُمْ، وَإِنَّ اللهَ عَزَّ وَجَلَّ يُعْطِي الدُّنْيَا مَنْ يُحِبُّ وَمَنْ لَا يُحِبُّ، وَلَا يُعْطِي الدِّينَ إِلَّا لِمَنْ أَحَبَّ، فَمَنْ أَعْطَاهُ اللهُ الدِّينَ، فَقَدْ أَحَبَّهُ، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، لَا يُسْلِمُ عَبْدٌ حَتَّى يَسْلَمَ قَلْبُهُ وَلِسَانُهُ، وَلَا يُؤْمِنُ حَتَّى يَأْمَنَ جَارُهُ بَوَائِقَهُ»، قَالُوا: وَمَا بَوَائِقُهُ يَا نَبِيَّ اللهِ؟ قَالَ: «غَشْمُهُ وَظُلْمُهُ، وَلَا يَكْسِبُ عَبْدٌ مَالًا مِنْ حَرَامٍ، فَيُنْفِقَ مِنْهُ فَيُبَارَكَ لَهُ فِيهِ، وَلَا يَتَصَدَّقُ بِهِ فَيُقْبَلَ مِنْهُ، وَلَا يَتْرُكُ خَلْفَ ظَهْرِهِ إِلَّا كَانَ زَادَهُ إِلَى النَّارِ، إِنَّ اللهَ عَزَّ وَجَلَّ لَا يَمْحُو السَّيِّئَ بِالسَّيِّئِ، وَلَكِنْ يَمْحُو السَّيِّئَ بِالْحَسَنِ، إِنَّ الْخَبِيثَ لَا يَمْحُو الْخَبِيثَ»(١)

ترجمہ: حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نے تمہارے درمیان تمہارے اخلاق کو اسی طرح تقسیم کیا ہے جس طرح کہ تمہارے درمیان رزق تقسیم کیا ہے اور بے شک اللہ تعالیٰ جس سے محبت کرتا ہے اسے بھی اور جس سے محبت نہیں کرتا اسے بھی دنیا عنایت کرتا ہے اور دین صرف اسے دیتا ہے جس سے محبت کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ نے جسے دین عطا کیا اس سے وہ محبت کرتا ہے۔

قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! کسی بندہ کا ایمان اس وقت تک درست نہیں ہو سکتا جب تک اس کا دل اور زبان درست نہ ہو جائے، اور کوئی بھی شخص اس وقت تک جنت میں داخل نہیں ہو سکتا جب تک کہ اس کا پڑوسی اس کی (بوائق) اذیت سے محفوظ نہ ہو جائے تو عرض کیا گیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بوائق کیا ہیں؟ آپ نے فرمایا اس کا ظلم وستم۔ اور جو شخص حرام مال حاصل کرے

---

(١) مسند احمد، مُسْنَدُ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللهُ تَعَالَى عَنْهُ (ج٦/ص ١٨٩ حدیث نمبر: ٣٦٧٢)

مسند ابن أبي شيبة، مَا رَوَاهُ عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (ج ١/ص ٢٣١ حدیث نمبر: ٣٤٤)

المستدرک علی الصحیحین میں یہی روایت ان الفاظ میں مذکور ہے،

«إِنَّ اللَّهَ قَسَمَ بَيْنَكُمْ أَخْلَاقَكُمْ كَمَا قَسَمَ بَيْنَكُمْ أَرْزَاقَكُمْ وَإِنَّ اللَّهَ يُعْطِي الْمَالَ مَنْ يُحِبُّ وَمَنْ لَا يُحِبُّ وَلَا يُعْطِي الْإِيمَانَ إِلَّا مَنْ يُحِبُّ فَمَنْ أَعْطَاهُ اللَّهُ الْإِيمَانَ فَقَدْ أَحَبَّهُ، وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ لَا يُسْلِمُ عَبْدٌ حَتَّى يَسْلَمَ قَلْبُهُ وَلَا يُسْلِمُ عَبْدٌ حَتَّى يَأْمَنَ جَارُهُ بَوَائِقَهُ» كِتَابُ الْبِرِّ وَالصِّلَةِ، وَأَمَّا حَدِيثُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو (ج ٤/ص ١٨٢ حدیث نمبر: ٧٣٠١)

اور اس کو خرچ کرے تو اس میں اس کے لئے کوئی برکت نہ ہوگی اور اگر اس مال کو خیرات کرے تو وہ قبول نہ ہوگی اور وہ جو کچھ بچاتا ہے وہ اس کے لئے دوزخ کا توشہ ہے۔ سنو! بے شک اللہ عز وجل گندی چیز سے گندی چیز کو نہیں مٹاتا لیکن پاک چیز سے گندی چیز کو مٹا دیتا ہے کیونکہ گندی چیز گندی چیز کو نہیں مٹاتی۔

٧- عَنْ عَائِشَةَ رَحِمَهَا اللَّهُ، قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: «إِنَّ الْمُؤْمِنَ لَيُدْرِكُ بِحُسْنِ خُلُقِهِ دَرَجَةَ الصَّائِمِ الْقَائِمِ» (١)

ترجمہ: سیدہ عائشہ رحمہا اللہ روایت کرتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ مومن آدمی اپنے اعلیٰ اخلاق سے (سارے دن کے) روزہ دار اور (ساری رات کے) تہجد گذار کا درجہ حاصل کر لیتا ہے۔

٨ - عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، - رضي الله عنه - قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «إِنَّمَا بُعِثْتُ لِأُتَمِّمَ صَالِحَ الْأَخْلَاقِ» (٢)

---

(١) سنن أبي داود ، كِتَاب الْأَدَبِ، بَابٌ فِي حُسْنِ الْخُلُقِ (ج ٤/ص ٢٥٢ حديث نمبر: ٤٧٩٨)

المستدرک علی الصحیحین میں یہی روایت ان الفاظ میں مذکور ہے ،

"إِنَّ الرَّجُلَ لَيُدْرِكُ بِحُسْنِ خُلُقِهِ دَرَجَاتِ قَائِمِ اللَّيْلِ صَائِمِ النَّهَارِ"

كِتَابُ الْإِيمَانِ، وَأَمَّا حَدِيثُ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ (ج ١/ص ١٢٨ حديث نمبر: ١٩٩)

الآداب للبیہقی میں الرَّجُلَ کے بجائے الْمُؤْمِنَ کا لفظ مذکور ہے،

بَابٌ فِي حُسْنِ الْخُلُقِ، وَسَلَامَةِ الصَّدْرِ وَلِينِ الْجَانِبِ (ج ١/ص ٦٣ حديث نمبر: ١٥٤)

المستدرک علی الصحیحین میں ایک اور جگہ یہی روایت ان الفاظ میں مذکور ہے ،

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "إِنَّ اللَّهَ لَيُبَلِّغُ الْعَبْدَ بِحُسْنِ خُلُقِهِ دَرَجَةَ الصَّوْمِ وَالصَّلَاةِ"

كِتَابُ الْإِيمَانِ، وَأَمَّا حَدِيثُ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ (ج ١/ص ١٢٨ حديث نمبر: ٢٠٠)

مسند احمد میں یہی روایت ان الفاظ میں مذکور ہے ، " إِنَّ الْمُؤْمِنَ لَيُدْرِكُ بِحُسْنِ خُلُقِهِ دَرَجَاتِ قَائِمِ اللَّيْلِ صَائِمِ النَّهَارِ "

مُسْنَدُ الصِّدِّيقَةِ عَائِشَةَ بِنْتِ الصِّدِّيقِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا (ج ٤١/ص ١٤٥ حديث نمبر: ٢٤٥٩٥)

الادب المفرد میں یہی روایت ان الفاظ میں مذکور ہے ، "عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «إِنَّ الرَّجُلَ لَيُدْرِكُ بِحُسْنِ خُلُقِهِ دَرَجَةَ الْقَائِمِ بِاللَّيْلِ»"

بَابُ حُسْنِ الْخُلُقِ إِذَا فَقِهُوا (ج ١/ص ١٠٧ حديث نمبر: ٢٨٤)

المعجم الاوسط میں یہی روایت ان الفاظ میں مذکور ہے ، "عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: «إِنَّ الْمُسْلِمَ لَيُدْرِكُ دَرَجَةَ الصَّوَّامِ الْقَوَّامِ بِحُسْنِ خُلُقِهِ»"بَابُ الْبَاءِ،مَنِ اسْمُهُ بَكْرٌ (ج ٣/ص ٢٧٤ حديث نمبر: ٣١٢٦)

(٢) مسند احمد، مُسْنَدُ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ (ج ١٤/ ص ٥١٣ حديث نمبر: ٨٩٥١)......

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے اخلاقِ صالحہ کی تعلیمات کی تکمیل کے لیے ہی مبعوث کیا گیا ہے۔

۹- عَنْ جابِرٍ - رضي الله عنه - أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: «إِنَّ مِنْ أَحَبِّكُمْ إِلَيَّ وَأَقْرَبِكُمْ مِنِّي مَجْلِسًا يَوْمَ القِيَامَةِ أَحَاسِنَكُمْ أَخْلَاقًا، وَإِنَّ أَبْغَضَكُمْ إِلَيَّ وَأَبْعَدَكُمْ مِنِّي مَجْلِسًا يَوْمَ القِيَامَةِ الثَّرْثَارُونَ وَالمُتَشَدِّقُونَ وَالمُتَفَيْهِقُونَ»، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللهِ، قَدْ عَلِمْنَا الثَّرْثَارُونَ وَالمُتَشَدِّقُونَ فَمَا المُتَفَيْهِقُونَ؟ قَالَ: «المُتَكَبِّرُونَ» (۱)

مصنف ابن ابی شیبة، بَابُ مَا أَعْطَى اللهُ تَعَالَى مُحَمَّدًا صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (ج ۶/ص ۳۲۴ حدیث نمبر: ۳۱۷۷۳)

الأدب المفرد، بَابُ حُسْنِ الْخُلُقِ (ج ۱/ص ۱۰۴ حدیث نمبر: ۲۷۳)

المستدرک علی الصحیحین میں یہی روایت مذکور ہے البتہ لفظ "إِنَّمَا" مذکور نہیں ہے (ج ۲/ص ۶۷۰ حدیث نمبر: ۴۲۲۱)

مسند البزار اور السنن الکبری للبیھقی میں یہی روایت ان الفاظ میں مذکور ہے، "إنما بعثت لأتمم مكارم الأخلاق"

مُسْنَدُ أَبِي حَمْزَةَ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ (ج ۱۵/ص ۳۶۴ حدیث نمبر: ۸۹۴۹)، كِتَابُ الشَّهَادَاتِ، بَابُ: بَيَانُ مَكَارِمِ الْأَخْلَاقِ وَمَعَالِيهَا (ج ۱۰/ص ۳۲۳ حدیث نمبر: ۲۰۷۸۲)

موطا مالک میں یہی روایت ان الفاظ میں مذکور ہے، "بُعِثْتُ لِأُتَمِّمَ حُسْنَ الْأَخْلَاقِ" كِتَابُ حُسْنِ الْخُلُقِ، بَابُ مَا جَاءَ فِي حُسْنِ الْخُلُقِ (ج ۲/ص ۹۰۴ حدیث نمبر: ۸)

المعجم الاوسط میں یہی روایت ان الفاظ میں مذکور ہے، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «إِنَّ اللهَ بَعَثَنِي بِتَمَامِ مَكَارِمِ الْأَخْلَاقِ، وَكَمَالِ مَحَاسِنِ الْأَفْعَالِ» بَابُ الْمِيمِ، مَنِ اسْمُهُ: مُحَمَّدٌ (ج ۷/ص ۷۴ حدیث نمبر: ۶۸۹۵)

(۱) سنن الترمذی، أَبْوَابُ البِرِّ وَالصِّلَةِ، بَابُ مَا جَاءَ فِي مَعَالِي الأَخْلَاقِ (ج ۴/ص ۳۷۰ حدیث نمبر: ۲۰۱۸)

صحیح ابن حبان میں یہی روایت ان الفاظ میں مذکور ہے، "عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي مَجْلِسٍ "أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِأَحَبِّكُمْ إِلَيَّ وَأَقْرَبِكُمْ مِنِّي مَجْلِسًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ يَقُولُهَا قُلْنَا بَلَى يَا رَسُولَ اللهِ قَالَ أَحْسَنُكُمْ أَخْلَاقًا" بَابُ حُسْنِ الْخُلُقِ، ذِكْرُ الْبَيَانِ بِأَنَّ مَنْ حَسُنَ خُلُقُهُ ---- (ج ۲/ص ۲۳۵ حدیث نمبر: ۴۸۵)

مسند احمد میں یہی روایت ان الفاظ میں مذکور ہے، "عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: " أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِأَحَبِّكُمْ إِلَيَّ وَأَقْرَبِكُمْ مِنِّي مَجْلِسًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ؟ " فَسَكَتَ الْقَوْمُ، فَأَعَادَهَا مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلَاثًا، قَالَ الْقَوْمُ: نَعَمْ يَا رَسُولَ اللهِ، قَالَ: "أَحْسَنُكُمْ خُلُقًا "مُسْنَدُ الْمُكْثِرِينَ مِنَ الصَّحَابَةِ، مُسْنَدُ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ (ج ۱۱/ص ۳۴۷ حدیث نمبر: ۶۷۳۵)

صحیح ابن حبان میں ایک اور جگہ یہی روایت ان الفاظ میں مذکور ہے،

عَنْ أَبِي ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيِّ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: «إِنَّ أَحَبَّكُمْ إِلَى اللهِ وَأَقْرَبَكُمْ مِنِّي أَحَاسِنُكُمْ أَخْلَاقًا، وَإِنَّ أَبْغَضَكُمْ إِلَى اللهِ وَأَبْعَدَكُمْ مِنِّي الثَّرْثَارُونَ الْمُتَفَيْهِقُونَ الْمُتَشَدِّقُونَ»

بَابُ حُسْنِ الْخُلُقِ، ذِكْرُ الْبَيَانِ بِأَنَّ مِنْ أَحَبِّ الْعِبَادِ إِلَى اللهِ ---- (ج ۲/ص ۲۳۱ حدیث نمبر: ۴۸۲) ....

میں خوشی میں بھول ہی گئی کہ مجھے اس نے ایک غریب خاندان میں دیکھا تھا جو تنگدستی کی وجہ سے بکریوں پر گزارہ کرتے تھے اور وہ مجھے ایسے خاندان میں لے آیا جہاں گھوڑے، اونٹ، ہل چلانے والے بیل اور کسان موجود ہیں، سب کچھ دینے کے بعد بھی اس کا مزاج اتنا عمدہ ہے کہ بات کہوں تو برا نہیں مانتا مجھ کو کبھی برا نہیں کہتا۔ سوئی پڑی رہوں تو صبح تک مجھے کوئی نہیں جگاتا۔ کھانے، پینے میں اتنی وسعت ہے کہ سیر ہو کر چھوڑ دیتی ہوں رہی ابوزرعہ کی ماں (میری ساس) تو میں اس کی کیا خوبیاں بیان کروں ہمیشہ اس کا توشہ کھانا مال واسباب سے بھرا ہوا ہوتا ہے، اور اس کا گھر بہت ہی کشادہ ہے۔ ابوزرعہ کا بیٹا وہ بھی کیسا اچھا، اس کے لیٹنے کی جگہ نرم و نازک شاخ یا باریک تلوار جیسی، ایسا کم خوراک کہ بکری کے چار ماہ کے بچے کے ایک دست کا گوشت بھی اس کا پیٹ بھر دے۔ ابوزرعہ کی بیٹی سبحان اللہ اس کا بھی کیا کہنا اپنے باپ کی اطاعت گزار، اپنی ماں کی تابع فرمان، فربہ بدن اور اس کا حسن وجمال اور عفت و پارسائی ایسی کہ سوکن کو جلادے، ابوزرعہ کی باندی اس کی بھی کیا بات ہے، وہ ہماری باتیں گھر کے باہر بیان نہیں کرتی (گھر کا بھید ہمیشہ پوشیدہ رکھتی ہے) ہمارے کھانے تک نہیں چراتی، ہمارے گھر میں کوڑا کرکٹ نہیں چھوڑتی، ایک دن (صبح صبح) جب برتنوں میں دودھ دوہا جارہا تھا ابوزرعہ گھر سے باہر نکلا، اچانک اس نے ایک عورت دیکھی جس کے چیتے کی مانند دو بچے اس کی کوکھ کے نیچے سے اس کے دو اناروں سے کھیل رہے تھے، (مراد اس کی دونوں چھاتیاں ہیں جو انار کی طرح تھیں) پھر ابوزرعہ نے مجھ کو طلاق دے دی، اور اس عورت سے نکاح کرلیا۔ اس کے بعد میں نے ایک اور شریف سردار سے نکاح کرلیا جو شہسوار، عمدہ نیزہ باز تھا، اس نے بھی مجھے بہت زیادہ نعمتیں دیں اور ہر قسم کے جانوروں سے مجھے ایک ایک جوڑا دیا، اور اس نے مجھے کہہ رکھا ہے کہ ام زرع تو خود بھی خوب کھاپی، اور اپنے گھر والوں کو بھی خوب کھلا پلا، لیکن اگر میں اس کی ساری نوازشوں کو بھی جمع کروں پھر بھی ابوزرع کی ایک چھوٹی سی عطا کے برابر نہیں ہو سکتی، سیدہ عائشہ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں بھی تمہارے لئے ایسا ہوں جیسا ام زرع کے لئے ابوزرع تھا۔

٥٦ - عَنْ عَائِشَةَ ، زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ : دَخَلَ الْحَبَشَةُ الْمَسْجِدَ يَلْعَبُونَ فَقَالَ لِي: «يَا حُمَيْرَاءُ أَتُحِبِّينَ أَنْ تَنْظُرِي إِلَيْهِمْ» فَقُلْتُ: نَعَمْ، فَقَامَ بِالْبَابِ وَجِئْتُهُ فَوَضَعْتُ ذَقَنِي عَلَى عَاتِقِه فَأَسْنَدْتُ وَجْهِي إِلَى خَدِّهِ قَالَتْ: وَمِنْ قَوْلِهِمْ يَوْمَئِذٍ أَبَا الْقَاسِمِ طَيِّبًا فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

«حَسْبُكِ» فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللهِ لَا تَعْجَلْ، فَقَامَ لِي ثُمَّ قَالَ: «حَسْبُكِ» فَقُلْتُ: لَا تَعْجَلْ يَا رَسُولَ اللهِ قَالَتْ: وَمَا لِي حُبُّ النَّظَرِ إِلَيْهِمْ، وَلَكِنِّي أَحْبَبْتُ أَنْ يَبْلُغَ النِّسَاءَ مَقَامُهُ لِي وَمَكَانِي مِنْهُ۔(۱)

ترجمہ: زوجۂ رسول سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا روایت کرتی ہیں کہ حبشی مسجد میں کھیلتے ہوئے داخل ہوئے توآپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: اے حمیراء! کیا تم انہیں دیکھنا پسند کروگی؟ میں نے کہا جی ہاں، پس آپ دروازے پر کھڑے ہوگئے میں آپ کی طرف آئی اور میں نے اپنی ٹھوڑی آپ کے کندھے پر ٹکادی اور اپنا چہرہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے رخسار کے ساتھ ملا کر کھڑی ہوگئی، سیدہ عائشہ فرماتی ہیں کہ اس دن حبشی کہہ رہے تھے ابو القاسم آپ بہت اچھے ہیں، پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (عائشہ) بس کرو، کافی ہے۔ میں نے کہا یا رسول اللہ آپ جلدی نہ کریں، پھر آپ تھوڑی دیر کھڑے رہے پھر فرمایا: (عائشہ) بس کرو، کافی ہے۔ میں نے پھر کہا یا رسول اللہ آپ جلدی نہ کریں۔ آپ فرماتی ہیں: مجھے تو ان کا کھیل دیکھنا پسند نہیں تھا لیکن میں چاہتی تھی کہ باقی ازواج کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی نظر میں میرا مقام اور میرے مرتبے کا علم ہوجائے۔

۵۷- عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كُنْتُ أَنَا وَرَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ فَتَقَدَّمَ أَصْحَابُهُ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «سَابِقِينِي» قَالَتْ: فَسَابَقْتُهُ فَسَبَقْتُهُ، فَلَمَّا كَانَ بَعْدُ وَحَمَلْتُ اللَّحْمَ قَالَ: «سَابِقِينِي، فَسَابَقْتُهُ فَسَبَقَنِي» فَقَالَ: «هَذِهِ بِتِلْكَ»(۲)

---

(۱) السنن الکبری للنسائی، كِتَابُ عِشْرَةِ النِّسَاءِ، إِبَاحَةُ الرَّجُلِ لِزَوْجَتِهِ النَّظَرَ إِلَى اللَّعِبِ (ج۸/ص ۱۸۱ حدیث نمبر: ۸۹۰۲)

(۲) السنن الکبری للنسائی، كِتَابُ عِشْرَةِ النِّسَاءِ، مُسَابَقَةُ الرَّجُلِ زَوْجَتَهُ (ج۸/ص ۱۷۸ حدیث نمبر: ۸۸۹۵)
السنن الکبریٰ للنسائی میں ایک اور جگہ یہی روایت ان الفاظ میں مذکور ہے، "سَابَقَنِي رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَبَقْتُهُ حَتَّى إِذَا رَهِقَنَا اللَّحْمُ سَابَقَنِي فَسَبَقَنِي فَقَالَ: «هَذِهِ بِتِيكِ»

كِتَابُ عِشْرَةِ النِّسَاءِ، مُسَابَقَةُ الرَّجُلِ زَوْجَتَهُ (ج۸/ص ۱۷۷ حدیث نمبر: ۸۸۹۳)
السنن الکبریٰ للنسائی میں ایک اور جگہ یہی روایت ان الفاظ میں مذکور ہے، "خَرَجْتُ مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأنا خَفِيفَةُ اللَّحْمِ فَنَزَلْنَا مَنْزِلًا فَقَالَ لِأَصْحَابِهِ: «تَقَدَّمُوا» ثُمَّ قَالَ لِي: «تَعَالَيْ حَتَّى أُسَابِقَكِ فَسَابَقَنِي فَسَبَقْتُهُ» ثُمَّ خَرَجْتُ مَعَهُ فِي سَفَرٍ آخَرَ، وَقَدْ حَمَلْتُ اللَّحْمَ فَنَزَلْنَا مَنْزِلًا فَقَالَ لِأَصْحَابِهِ: «تَقَدَّمُوا» ثُمَّ قَالَ لِي: تَعَالَيْ أُسَابِقُكِ " فَسَابَقَنِي فَسَبَقَنِي فَضَرَبَ بِيَدِهِ كَتِفِي وَقَالَ: «هَذِهِ بِتِلْكَ» كِتَابُ عِشْرَةِ النِّسَاءِ، مُسَابَقَةُ الرَّجُلِ زَوْجَتَهُ (ج۸/ص ۱۷۸ حدیث نمبر: ۸۸۹۴) ....

السنن الکبری للنسائی میں ایک اور جگہ یہی روایت ان الفاظ میں مذکور ہے، "كُنْتُ أَنَا وَرَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ فَتَقَدَّمَ أَصْحَابُهُ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «سَابِقِينِي» قَالَتْ: فَسَابَقْتُهُ فَسَبَقْتُهُ، فَلَمَّا كَانَ بَعْدُ وَحَمَلْتُ اللَّحْمَ قَالَ: «سَابِقِينِي، فَسَابَقْتُهُ فَسَبَقَنِي» فَقَالَ: «هَذِهِ بِتِلْكَ» كِتَابُ عِشْرَةِ النِّسَاءِ، مُسَابَقَةُ الرَّجُلِ زَوْجَتَهُ (ج ۸/ص ۱۷۸ حدیث نمبر: ۸۸۹۵)

السنن الکبری للنسائی میں ایک اور جگہ یہی روایت ان الفاظ میں مذکور ہے، " أَنَّهَا كَانَتْ مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ وَهِيَ جَارِيَةٌ فَقَالَ لِأَصْحَابِهِ: «تَقَدَّمُوا» ثُمَّ قَالَ: «تَعَالَيْ أُسَابِقْكِ، فَسَابَقْتُهُ فَسَبَقْتُهُ عَلَى رِجْلِي، فَلَمَّا كَانَ بَعْدُ خَرَجْتُ مَعَهُ فِي سَفَرٍ» فَقَالَ لِأَصْحَابِهِ: «تَقَدَّمُوا» ثُمَّ قَالَ: «تَعَالَيْ أُسَابِقْكِ» وَنَسِيتُ الَّذِي كَانَ وَقَدْ حَمَلْتُ اللَّحْمَ فَقُلْتُ: كَيْفَ أُسَابِقُكَ يَا رَسُولَ اللهِ وَأَنَا عَلَى هَذِهِ الْحَالِ؟ فَقَالَ: «لَتَفْعَلِنَّ، فَسَابَقْتُهُ فَسَبَقَنِي» فَقَالَ: «هَذِهِ بِتِلْكَ السَّبْقَةِ»

كِتَابُ عِشْرَةِ النِّسَاءِ، مُسَابَقَةُ الرَّجُلِ زَوْجَتَهُ (ج ۸/ص ۱۷۸ حدیث نمبر: ۸۸۹۶)

صحیح ابن حبان میں یہی روایت ان الفاظ میں مذکور ہے، "سَابَقَنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَسَبَقْتُهُ، فَلَبِثْنَا حَتَّى إِذَا أَرْهَقَنِي اللَّحْمُ سَابَقَنِي فَسَبَقَنِي، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: "هذه بتلك" كتاب السير، بَابُ السَّبَقِ (ج ۱۰/ص ۵۴۵ حدیث نمبر: ۴۶۹۱)

سنن ابو داود میں یہی روایت ان الفاظ میں مذکور ہے، " أَنَّهَا كَانَتْ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ قَالَتْ: فَسَابَقْتُهُ فَسَبَقْتُهُ عَلَى رِجْلَيَّ، فَلَمَّا حَمَلْتُ اللَّحْمَ سَابَقْتُهُ فَسَبَقَنِي فَقَالَ: «هَذِهِ بِتِلْكَ السَّبْقَةِ»

كِتَاب الْجِهَادِ، بَابٌ فِي السَّبَقِ عَلَى الرِّجْلِ (ج ۳/ص ۲۹ حدیث نمبر: ۲۵۷۸)

مسند الحمیدی اور المعجم الکبیر میں یہی روایت ان الفاظ میں مذکور ہے، "سَابَقْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَبَقْتُهُ، فَلَمَّا حَمَلْتُ مِنَ اللَّحْمِ سَابَقَنِي فَسَبَقَنِي فَقَالَ: «يَا عَائِشَةُ هَذِهِ بِتِلْكَ»أَحَادِيثُ عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِينَ (ج ۱/ص ۲۸۹ حدیث نمبر: ۲۶۳)

ذِكْرُ أَزْوَاجِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَائِشَةُ بِنْتُ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ (ج ۲۳/ص ۴۷ حدیث نمبر: ۱۲۵)

مسند احمد میں یہی روایت ان الفاظ میں مذکور ہے، "سَابَقَنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَبَقْتُهُ، فَلَبِثْنَا حَتَّى إِذَا رَهِقَنِي اللَّحْمُ سَابَقَنِي فَسَبَقَنِي، فَقَالَ: " هَذِهِ بِتِلْكَ "مسند النساء، مُسْنَدُ الصِّدِّيقَةِ عَائِشَةَ بِنْتِ الصِّدِّيقِ (ج ۴۰/ص ۱۴۴ حدیث نمبر: ۲۴۱۱۸)

السنن الکبری للبیہقی میں یہی روایت ان الفاظ میں مذکور ہے، " أَنَّهَا كَانَتْ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ وَهِيَ جَارِيَةٌ، فَقَالَ لِأَصْحَابِهِ: " تَقَدَّمُوا " فَتَقَدَّمُوا ، ثُمَّ قَالَ: " تَعَالِ أُسَابِقْكِ " ، فَسَابَقْتُهُ ، فَسَبَقْتُهُ عَلَى رِجْلَيَّ "، فَلَمَّا كَانَ بَعْدُ ، خَرَجْتُ أَيْضًا مَعَهُ فِي سَفَرٍ، فَقَالَ لِأَصْحَابِهِ: " تَقَدَّمُوا " ، ثُمَّ قَالَ: " تَعَالِ أُسَابِقْكِ "، وَنَسِيتُ الَّذِي كَانَ ، وَقَدْ حَمَلْتُ اللَّحْمَ "، فَقُلْتُ: وَكَيْفَ أُسَابِقُكَ يَا رَسُولَ اللهِ، وَأَنَا عَلَى هَذِهِ الْحَالِ؟ فَقَالَ: " لَتَفْعَلِنَّ " فَسَابَقْتُهُ، فَسَبَقَنِي "، فَقَالَ: " هَذِهِ بِتِلْكَ السَّبْقَةِ "

كتاب السبق والرمی، باب ما جاء فی المسابقة با لعدو (ج ۱۰/ص ۳۱ حدیث نمبر: ۱۹۷۵۸)

مصنف ابن ابی شیبہ میں یہی روایت ان الفاظ میں مذکور ہے، "خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ فَنَزَلْنَا مَنْزِلًا ، فَسَابَقْتُهُ فَسَبَقْتُهُ ، وَخَرَجْتُ مَعَهُ بَعْدَ ذَلِكَ فِي سَفَرٍ آخَرَ ، فَنَزَلْنَا مَنْزِلًا فَقَالَ: تَعَالَيْ حَتَّى أُسَابِقَكِ ، قَالَتْ: فَسَبَقَنِي ، فَضَرَبَ بَيْنَ كَتِفَيَّ وَقَالَ: هَذِهِ بِتِلْكَ. كِتَابُ السِّيَرِ، السِّبَاقُ عَلَى الْأَقْدَامِ (ج ۶/ص ۵۳۱ حدیث نمبر: ۳۳۵۸۸)

المعجم الکبیر میں ایک اور جگہ یہی روایت ان الفاظ میں مذکور ہے، " قَالَتْ: خَرَجْتُ مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ، فَنَزَلَ مَنْزِلًا، فَقَالَ لِأَصْحَابِهِ: «تَقَدَّمُوا» ، ثُمَّ قَالَ: «تَعَالِ حَتَّى أُسَابِقَكِ» ، فَسَابَقْتُهُ فَسَبَقْتُهُ، ثُمَّ خَرَجْتُ مَعَهُ بَعْدَ ذَلِكَ فِي سَفَرٍ وَقَدْ جَمَعْتُ اللَّحْمَ، فَنَزَلْنَا مَنْزِلًا، فَقَالَ لِأَصْحَابِهِ: «تَقَدَّمُوا» ، ثُمَّ قَالَ: «تَعَالِ حَتَّى أُسَابِقَكِ» ، فَسَابَقْتُهُ فَسَبَقَنِي، فَضَرَبَ بَيْنَ كَتِفَيَّ، وَقَالَ: «هَذِهِ بِتِلْكَ» ذِكْرُ أَزْوَاجِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَائِشَةُ بِنْتُ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ (ج ۲۳/ص ۴۷ حدیث نمبر: ۱۲۴)

ترجمہ: سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ میں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک سفر میں تھے جب صحابہ آگے بڑھ گئے، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے ساتھ دوڑ مقابلہ کرو، آپ بیان کرتی ہیں کہ میں نے آپ سے دوڑ مقابلہ کیا تو میں آپ سے جیت گئی پھر کچھ عرصہ بعد جب میرا جسم بھاری ہو گیا تو آپ نے فرمایا: میرے ساتھ دوڑ مقابلہ کرو، پھر میں نے دوڑ مقابلہ کیا تو آپ مجھ سے جیت گئے پھر آپ نے فرمایا: یہ اس پہلی جیت کا بدلہ ہے۔

۵۸ ـ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا ، قَالَتْ : كُنْتُ أَلْعَبُ بِالْبَنَاتِ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ لِي صَوَاحِبُ يَلْعَبْنَ مَعِي، فَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا دَخَلَ يَتَقَمَّعْنَ مِنْهُ، فَيُسَرِّبُهُنَّ إِلَيَّ فَيَلْعَبْنَ مَعِي۔[1]

---

(۱) صحیح بخاری، كِتَابُ الأَدَبِ، بَابُ الِانْبِسَاطِ إِلَى النَّاسِ (ج۸/ص۳۱ حدیث نمبر: ۶۱۳۰)
الادب المفرد میں یہی روایت مذکور ہے البتہ يَتَقَمَّعْنَ کے بجائے يَنْقَمِعْنَ مذکور ہے۔ بَابُ مَسْحِ رَأْسِ الصَّبِيِّ (ج ۱/ص۱۳۴ حدیث نمبر: ۳۶۸)
صحیح مسلم میں یہی روایت ان الفاظ میں مذکور ہے، "أَنَّهَا كَانَتْ تَلْعَبُ بِالْبَنَاتِ عِنْدَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَتْ: وَكَانَتْ تَأْتِينِي صَوَاحِبِي فَكُنَّ يَنْقَمِعْنَ مِنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَتْ: «فَكَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسَرِّبُهُنَّ إِلَيَّ» كتاب فَضَائِلِ الصَّحَابَةِ، بَابٌ فِي فَضْلِ عَائِشَةَ (ج۴/ص ۱۸۹۰ حدیث نمبر: ۲۴۴۰)
صحیح ابن حبان میں یہی روایت ان الفاظ میں مذکور ہے، «كُنْتُ أَلْعَبُ بِالْبَنَاتِ، وَتَجِيءُ صَوَاحِبِي فَيَلْعَبْنَ مَعِي، فَإِذَا رَأَيْنَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُمْنَ مِنْهُ، فَكَانَ يُدْخِلُهُنَّ إِلَيَّ فَيَلْعَبْنَ مَعِي»
بَابُ اللَّعِبِ وَاللَّهْوِ، ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ أَنْ تَجْتَمِعَ مَعَ أَمْثَالِهَا لِلَّعِبِ الَّذِي وَصَفْنَاهُ (ج ۱۳/ص ۱۷۶ حدیث نمبر: ۵۸۶۶)
سنن ابو داود میں یہی روایت ان الفاظ میں مذکور ہے، «كُنْتُ أَلْعَبُ بِالْبَنَاتِ فَرُبَّمَا دَخَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدِي الْجَوَارِي، فَإِذَا دَخَلَ خَرَجْنَ، وَإِذَا خَرَجَ دَخَلْنَ» كِتَاب الْأَدَبِ، بَابٌ فِي اللَّعِبِ بِالْبَنَاتِ (ج۴/ص۲۸۳ حدیث نمبر: ۴۹۳۱)
سنن ابن ماجہ میں یہی روایت ان الفاظ میں مذکور ہے، «كُنْتُ أَلْعَبُ بِالْبَنَاتِ وَأَنَا عِنْدَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَانَ يُسَرِّبُ إِلَيَّ صَوَاحِبَاتِي يُلَاعِبْنَنِي» كِتَابُ النِّكَاحِ، بَابُ حُسْنِ مُعَاشَرَةِ النِّسَاءِ (ج ۱/ص۶۳۷ حدیث نمبر: ۱۹۸۲)
السنن الکبریٰ للنسائی میں یہی روایت ان الفاظ میں مذکور ہے، «كُنْتُ أَلْعَبُ بِالْبَنَاتِ فِي بَيْتِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكُنَّ لِي صَوَاحِبُ يَأْتِينَنِي فَيَلْعَبْنَ مَعِي، فَيَتَقَمَّعْنَ إِذَا رَأَيْنَ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسَرِّ بهنَّ إِلَيَّ فَيَلْعَبْنَ مَعِي» كِتَابُ عِشْرَةِ النِّسَاءِ، إِبَاحَةُ الرَّجُلِ اللَّعِبَ لِزَوْجَتِهِ بِالْبَنَاتِ (ج۸/ص ۱۷۹ حدیث نمبر: ۸۸۹۷)
السنن الکبریٰ للنسائی میں ایک اور جگہ یہی روایت ان الفاظ میں مذکور ہے، "كُنْتُ أَلْعَبُ بِالْبَنَاتِ فَرُبَّمَا دَخَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصَوَاحِبَاتِي عِنْدِي، فَإِذَا رَأَيْنَ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَرْنَ، فَيَقُولُ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «كَمَا أَنْتِ وَكَمَا أَنْتُنَّ»" كِتَابُ عِشْرَةِ النِّسَاءِ، إِبَاحَةُ الرَّجُلِ اللَّعِبَ لِزَوْجَتِهِ بِالْبَنَاتِ (ج۸/ص ۱۷۹ حدیث نمبر: ۸۸۹۸)
الآداب للبیہقی میں یہی روایت ان الفاظ میں مذکور ہے، " كُنْتُ أَلْعَبُ بِالْبَنَاتِ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ يَأْتِينِي صَوَاحِبِي فَيَنْقَمِعْنَ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. قَالَتْ: وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسِرُّ بهنَّ إِلَيَّ فَيَلْعَبْنَ مَعِي". ......

ترجمہ: سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے یہاں گڑیوں کے ساتھ کھیلتی تھی، میری بہت سی سہیلیاں تھیں جو میرے ساتھ کھیلا کرتی تھیں، جب آنحضرت اندر تشریف لاتے تو وہ چھپ جاتیں پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم انہیں میرے پاس بھیجتے اور وہ میرے ساتھ کھیلتیں۔

٥٩ - عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كُنْتُ أَمْشِي مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيْهِ بُرْدٌ نَجْرَانِيٌّ غَلِيظُ الحَاشِيَةِ، فَأَدْرَكَهُ أَعْرَابِيٌّ فَجَبَذَ بِرِدَائِهِ جَبْذَةً شَدِيدَةً، قَالَ أَنَسٌ: فَنَظَرْتُ إِلَى صَفْحَةِ عَاتِقِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَدْ أَثَّرَتْ بِهَا حَاشِيَةُ الرِّدَاءِ مِنْ شِدَّةِ جَبْذَتِهِ، ثُمَّ قَالَ: يَا مُحَمَّدُ مُرْ لِي مِنْ مَالِ اللهِ الَّذِي عِنْدَكَ، فَالْتَفَتَ إِلَيْهِ فَضَحِكَ ثُمَّ أَمَرَ لَهُ بِعَطَاءٍ۔ (١)

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ چلا جا رہا تھا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اوپر (یمن کے) نجران کی بنی ہوئی موٹے حاشیے کی ایک چادر تھی۔ راستے میں ایک دیہاتی آپ کو ملا اور اس نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی چادر کو پکڑ کر اتنی زور سے کھینچا کہ انس کہتے ہیں میں نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مونڈھے پر دیکھا کہ اس کے زور سے کھینچنے کی وجہ سے نشان پڑ گیا تھا۔ پھر اس دیہاتی نے کہا: اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)! تیرے پاس جو اللہ کا مال ہے، اس میں سے میرے لئے بھی حکم دے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کی طرف متوجہ ہوئے اور مسکرائے، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے (عطیہ) دینے کا حکم فرمایا۔

٦٠ - عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: «مَا ضَرَبَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا قَطُّ بِيَدِهِ، وَلَا امْرَأَةً، وَلَا خَادِمًا، إِلَّا أَنْ يُجَاهِدَ فِي سَبِيلِ اللهِ، وَمَا نِيلَ مِنْهُ

قَالَ أَنَسٌ: يَنْقَمِعْنَ: يَفْرُرْنَ "بَابُ مَا لَا يَجُوزُ أَوْ يُكْرَهُ مِنَ اللَّعِبِ، وَأَمَّا الْمَرَاجِيحُ: فَقَدْ رُوِّينَا عَنْ عَائِشَةَ فِي تَجْهِيزِهَا إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (ج ١/ص ٢٥٤ حدیث نمبر: ٦٢٢)

مسند البزار میں یہی روایت ان الفاظ میں مذکور ہے، "كنت ألعب بالبنات فكن صواحباتي يأتينني فكن ينقمن فكَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إذا خرج يسربهن إلي "مُسْنَدُ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ (ج ١٨/ص ٢٤٥ حدیث نمبر: ٢٧٥)

(١) صحیح بخاری، كِتَابُ الأَدَبِ، بَابُ التَّبَسُّمِ وَالضَّحِكِ (ج ٨/ص ٢٤ حدیث نمبر: ٦٠٨٨)

باب اول، حدیث نمبر: ٥١ کے تحت تفصیلی تخریج دیکھئے۔

شَيْءٌ قَطُّ، فَيَنْتَقِمَ مِنْ صَاحِبِهِ، إِلَّا أَنْ يُنْتَهَكَ شَيْءٌ مِنْ مَحَارِمِ اللهِ، فَيَنْتَقِمَ لِلّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ» (۱)

ترجمہ: ام المومنین سیدہ عائشہ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی کسی خادم کو یا خاتون کو نہیں مارا، ہاں اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کی راہ میں جہاد کرتے۔ (جس میں یقیناً دشمن کو مارتے) اور ایسا بھی کبھی نہیں ہوا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تکلیف پہنچانے والے سے بدلہ لیا ہو۔ ہاں اگر اللہ کے محارم میں سے کسی چیز کی ہتک کی جاتی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم یقیناً اللہ کے لئے انتقام لیتے۔ (یعنی مرتکبِ حرام کو سزا دیتے)

---

(۱) صحیح مسلم، کتاب الْفَضَائِلِ، بَابُ مُبَاعَدَتِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْآثَامِ وَاخْتِيَارِهِ مِنَ الْمُبَاحِ (ج ۱/ص ۱۸۱۴ حدیث نمبر ۲۳۲۸)

باب اول، حدیث نمبر: ۵۴ کے تحت تفصیلی تخریج دیکھئے۔

فصلِ خامس: حسنِ معاملات کے بارے میں وارد شدہ آثار اور علماء واولیاء کے اقوال

۱ - قيل لعبد الرّحمن بن عوف رضي الله عنه: ما سبب يسارك؟ قال: ثلاث: ما رددت ربحا قطّ، ولا طلب منّي حيوان فأخّرت بيعه، ولا بعت بنسيئة. ويقال: إنّه باع ألف ناقة فما ربح إلّا عقلها، باع كلّ عقال بدرهم فربح فيها ألفا وربح من نفقته عليها ليومه ألفا۔[۱]

ترجمہ: حضرت عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ سے کسی نے دریافت کیا کہ آپ کی مالداری کا سبب کیا ہے؟ آپ نے فرمایا تین چیزوں نے میری دولت میں اضافہ کیا ہے، ایک یہ کہ میں نے کبھی نفع کی قلت کی پرواہ نہیں کی۔ دوسرا یہ کہ جب بھی مجھ سے کوئی جانور طلب کیا گیا میں نے بیچنے میں کبھی تاخیر نہیں کی (اگرچہ اس پر معمولی نفع ہی کیوں نہ ہو)۔ تیسرا یہ کہ میں ادھار فروخت کرنے کا قائل نہیں ہوں۔ ایک مرتبہ آپ نے ایک ہزار اونٹنیاں خریدی ہوئی قیمت پر فروخت کر دیں نفع میں ان کی رسیاں باقی بچیں، ایک رسی کی قیمت ایک درہم تھی، اس حساب سے ایک ہزار درہم کا نفع ہوا، ایک ہزار درہم اس طرح بچ گئے کہ جس دن اونٹنیاں فروخت ہوئیں اس دن انہیں کھلانا نہیں پڑا۔

۲ - عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، قَالَ: لَمَّا وَقَفَ الزُّبَيْرُ يَوْمَ الجَمَلِ دَعَانِي، فَقُمْتُ إِلَى جَنْبِهِ فَقَالَ: " يَا بُنَيِّ، إِنَّهُ لاَ يُقْتَلُ اليَوْمَ إِلَّا ظَالِمٌ أَوْ مَظْلُومٌ، وَإِنِّي لاَ أُرَانِي إِلَّا سَأُقْتَلُ اليَوْمَ مَظْلُومًا، وَإِنَّ مِنْ أَكْبَرِ هَمِّي لَدَيْنِي، أَفَتُرَى يُبْقِي دَيْنُنَا مِنْ مَالِنَا شَيْئًا؟ فَقَالَ: يَا بُنَيِّ بِعْ مَالَنَا، فَاقْضِ دَيْنِي، وَأَوْصَى بِالثُّلُثِ، وَثُلُثِهِ لِبَنِيهِ - يَعْنِي بَنِي عَبْدِ اللهِ بْنِ الزُّبَيْرِ - يَقُولُ: ثُلُثُ الثُّلُثِ، فَإِنْ فَضَلَ مِنْ مَالِنَا فَضْلٌ بَعْدَ قَضَاءِ الدَّيْنِ شَيْءٌ، فَثُلُثُهُ لِوَلَدِكَ "، - قَالَ هِشَامٌ: وَكَانَ بَعْضُ وَلَدِ عَبْدِ اللهِ، قَدْ وَازَى بَعْضَ بَنِي الزُّبَيْرِ، خُبَيْبٌ، وَعَبَّادٌ وَلَهُ يَوْمَئِذٍ تِسْعَةُ بَنِينَ، وَتِسْعُ بَنَاتٍ -، قَالَ عَبْدُ اللهِ: فَجَعَلَ يُوصِينِي بِدَيْنِهِ، وَيَقُولُ: «يَا بُنَيِّ إِنْ عَجَزْتَ عَنْهُ فِي شَيْءٍ،

---

(۱) احياء علوم الدين، الغزالى ،ربع العادات ،كتاب آداب الكسب والمعاش (ج۲ ص۸۰)

فَاسْتَعِنْ عَلَيْهِ مَوْلَايَ»، قَالَ: فَوَاللهِ مَا دَرَيْتُ مَا أَرَادَ حَتَّى قُلْتُ: يَا أَبَةِ مَنْ مَوْلَاكَ؟ قَالَ: «اللهُ»، قَالَ: فَوَاللهِ مَا وَقَعْتُ فِي كُرْبَةٍ مِنْ دَيْنِهِ، إِلَّا قُلْتُ: يَا مَوْلَى الزُّبَيْرِ اقْضِ عَنْهُ دَيْنَهُ، فَيَقْضِيهِ، فَقُتِلَ الزُّبَيْرُ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ، وَلَمْ يَدَعْ دِينَارًا وَلَا دِرْهَمًا إِلَّا أَرَضِينَ، مِنْهَا الغَابَةُ، وَإِحْدَى عَشْرَةَ دَارًا بِالْمَدِينَةِ، وَدَارَيْنِ بِالْبَصْرَةِ، وَدَارًا بِالكُوفَةِ، وَدَارًا بِمِصْرَ، قَالَ: وَإِنَّمَا كَانَ دَيْنُهُ الَّذِي عَلَيْهِ، أَنَّ الرَّجُلَ كَانَ يَأْتِيهِ بِالْمَالِ، فَيَسْتَوْدِعُهُ إِيَّاهُ، فَيَقُولُ الزُّبَيْرُ: «لَا وَلَكِنَّهُ سَلَفٌ، فَإِنِّي أَخْشَى عَلَيْهِ الضَّيْعَةَ»، وَمَا وَلِيَ إِمَارَةً قَطُّ وَلَا جِبَايَةَ خَرَاجٍ، وَلَا شَيْئًا إِلَّا أَنْ يَكُونَ فِي غَزْوَةٍ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَوْ مَعَ أَبِي بَكْرٍ، وَعُمَرَ، وَعُثْمَانَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمْ، قَالَ عَبْدُ اللهِ بْنُ الزُّبَيْرِ: فَحَسَبْتُ مَا عَلَيْهِ مِنَ الدَّيْنِ، فَوَجَدْتُهُ أَلْفَيْ أَلْفٍ وَمِائَتَيْ أَلْفٍ، قَالَ: فَلَقِيَ حَكِيمُ بْنُ حِزَامٍ عَبْدَ اللهِ بْنَ الزُّبَيْرِ، فَقَالَ: يَا ابْنَ أَخِي، كَمْ عَلَى أَخِي مِنَ الدَّيْنِ فَكَتَمَهُ؟ فَقَالَ: مِائَةُ أَلْفٍ، فَقَالَ حَكِيمٌ: وَاللهِ مَا أُرَى أَمْوَالَكُمْ تَسَعُ لِهَذِهِ، فَقَالَ لَهُ عَبْدُ اللهِ: أَفَرَأَيْتَكَ إِنْ كَانَتْ أَلْفَيْ أَلْفٍ وَمِائَتَيْ أَلْفٍ؟ قَالَ: مَا أُرَاكُمْ تُطِيقُونَ هَذَا، فَإِنْ عَجَزْتُمْ عَنْ شَيْءٍ مِنْهُ فَاسْتَعِينُوا بِي، قَالَ: وَكَانَ الزُّبَيْرُ اشْتَرَى الغَابَةَ بِسَبْعِينَ وَمِائَةِ أَلْفٍ، فَبَاعَهَا عَبْدُ اللهِ بِأَلْفِ أَلْفٍ وَسِتِّ مِائَةِ أَلْفٍ، ثُمَّ قَامَ: فَقَالَ مَنْ كَانَ لَهُ عَلَى الزُّبَيْرِ حَقٌّ، فَلْيُوَافِنَا بِالغَابَةِ، فَأَتَاهُ عَبْدُ اللهِ بْنُ جَعْفَرٍ، وَكَانَ لَهُ عَلَى الزُّبَيْرِ أَرْبَعُ مِائَةِ أَلْفٍ، فَقَالَ لِعَبْدِ اللهِ: إِنْ شِئْتُمْ تَرَكْتُهَا لَكُمْ، قَالَ عَبْدُ اللهِ: لَا، قَالَ: فَإِنْ شِئْتُمْ جَعَلْتُمُوهَا فِيمَا تُؤَخِّرُونَ إِنْ أَخَّرْتُمْ؟ فَقَالَ عَبْدُ اللهِ: لَا، قَالَ: قَالَ: فَاقْطَعُوا لِي قِطْعَةً، فَقَالَ عَبْدُ اللهِ: لَكَ مِنْ هَاهُنَا إِلَى هَاهُنَا، قَالَ: فَبَاعَ مِنْهَا فَقَضَى دَيْنَهُ فَأَوْفَاهُ، وَبَقِيَ مِنْهَا أَرْبَعَةُ أَسْهُمٍ وَنِصْفٌ، فَقَدِمَ عَلَى مُعَاوِيَةَ، وَعِنْدَهُ عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ، وَالْمُنْذِرُ بْنُ الزُّبَيْرِ، وَابْنُ زَمْعَةَ، فَقَالَ لَهُ مُعَاوِيَةُ: كَمْ قُوِّمَتِ الغَابَةُ؟ قَالَ: كُلُّ سَهْمٍ مِائَةَ أَلْفٍ، قَالَ:

كَمْ بَقِيَ؟ قَالَ: أَرْبَعَةُ أَسْهُمٍ وَنِصْفٌ، قَالَ المُنْذِرُ بْنُ الزُّبَيْرِ: قَدْ أَخَذْتُ سَهْمًا بِمِائَةِ أَلْفٍ، قَالَ عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ: قَدْ أَخَذْتُ سَهْمًا بِمِائَةِ أَلْفٍ، وَقَالَ ابْنُ زَمْعَةَ: قَدْ أَخَذْتُ سَهْمًا بِمِائَةِ أَلْفٍ، فَقَالَ مُعَاوِيَةُ: كَمْ بَقِيَ؟ فَقَالَ: سَهْمٌ وَنِصْفٌ، قَالَ: قَدْ أَخَذْتُهُ بِخَمْسِينَ وَمِائَةِ أَلْفٍ، قَالَ: وَبَاعَ عَبْدُ اللهِ بْنُ جَعْفَرٍ نَصِيبَهُ مِنْ مُعَاوِيَةَ بِستِّ مِائَةِ أَلْفٍ، فَلَمَّا فَرَغَ ابْنُ الزُّبَيْرِ مِنْ قَضَاءِ دَيْنِهِ، قَالَ بَنُو الزُّبَيْرِ: اقْسِمْ بَيْنَنَا مِيرَاثَنَا، قَالَ: لاَ، وَاللهِ لاَ أَقْسِمُ بَيْنَكُمْ حَتَّى أُنَادِيَ بِالْمَوْسِمِ أَرْبَعَ سِنِينَ: أَلاَ مَنْ كَانَ لَهُ عَلَى الزُّبَيْرِ دَيْنٌ فَلْيَأْتِنَا فَلْنَقْضِهِ، قَالَ: فَجَعَلَ كُلَّ سَنَةٍ يُنَادِي بِالْمَوْسِمِ، فَلَمَّا مَضَى أَرْبَعُ سِنِينَ قَسَمَ بَيْنَهُمْ، قَالَ: فَكَانَ لِلزُّبَيْرِ أَرْبَعُ نِسْوَةٍ، وَرَفَعَ الثُّلُثَ، فَأَصَابَ كُلَّ امْرَأَةٍ أَلْفُ أَلْفٍ وَمِائَتَا أَلْفٍ، فَجَمِيعُ مَالِهِ خَمْسُونَ أَلْفَ أَلْفٍ، وَمِائَتَا أَلْفٍ۔[1]

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ جمل کی جنگ کے موقع پر جب حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے تو مجھے بلایا میں ان کے پہلو میں جا کر کھڑا ہو گیا، انہوں نے کہا بیٹے! آج کی لڑائی میں ظالم مارا جائے گا یا مظلوم، میں سمجھتا ہوں کہ آج میں مظلوم قتل کیا جاؤں گا اور مجھے سب سے زیادہ فکر اپنے قرضوں کی ہے۔ کیا تمہیں بھی کچھ اندازہ ہے کہ قرض ادا کرنے کے بعد ہمارا کچھ مال بچ سکے گا؟ پھر انہوں نے کہا بیٹے! ہمارا مال فروخت کر کے اس سے قرض ادا کر دینا۔ اس کے بعد انہوں نے ایک تہائی کی میرے لئے اور اس تہائی کے تیسرے حصہ کی وصیت میرے بچوں کے لئے کی، یعنی عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کے بچوں کے لئے۔ انہوں نے فرمایا تھا کہ اس تہائی کے تین حصے کر لینا اور اگر قرض کی ادائیگی کے بعد ہمارے اموال میں سے کچھ بچ جائے تو اس کا ایک تہائی تمہارے بچوں کے لئے ہو گا۔ ہشام راوی نے بیان کیا کہ عبداللہ رضی اللہ عنہ کے بعض لڑکے زبیر رضی اللہ عنہ کے لڑکوں کے ہم عمر تھے۔ جیسے خبیب اور عباد۔ اور زبیر رضی اللہ عنہ کے اس وقت نو بیٹے اور نو بیٹیاں تھیں۔ عبداللہ بن زبیر نے بیان کیا کہ پھر زبیر رضی اللہ عنہ مجھے اپنے قرض کے سلسلے میں وصیت کرنے لگے اور فرمانے لگے کہ بیٹا! اگر قرض ادا کرنے سے عاجز آ جاؤ تو میرے مولا سے اس میں مدد چاہنا۔ عبداللہ نے بیان کیا کہ اللہ کی قسم! میں ان کی بات نہ سمجھ سکا، حتی کہ میں نے پوچھا کہ بابا آپ کے مولا کون

(۱) صحیح بخاری، كِتَابُ فَرْضِ الخُمُسِ، بَابُ بَرَكَةِ الغَازِي فِي مَالِهِ حَيًّا وَمَيِّتًا (ج۴/ص۸۷ حدیث نمبر: ۳۱۲۹)

ہیں؟ انہوں نے فرمایا کہ اللہ! عبداللہ نے بیان کیا، اللہ کی قسم! قرض ادا کرنے میں جو بھی دشواری سامنے آئی تو میں نے اسی طرح دعا کی، کہ اے زبیر کے مولا! ان کی طرف سے ان کا قرض ادا کرادے تو (اللہ کے فضل سے) ادائیگی کی صورت پیدا ہو جاتی تھی۔ چنانچہ جب زبیر رضی اللہ عنہ (اسی موقع پر) شہید ہو گئے تو انہوں نے ترکہ میں درہم و دینار نہیں چھوڑے بلکہ ان کا ترکہ کچھ تو اراضی کی صورت میں تھا اور اسی میں غابہ کی زمین بھی شامل تھی۔ گیارہ مکانات مدینہ میں تھے، دو مکان بصرہ میں تھے، ایک مکان کوفہ میں تھا اور ایک مصر میں تھا۔

عبداللہ نے بیان کیا کہ ان پر جو اتنا سارا قرض ہو گیا تھا اس کی صورت یہ ہوئی تھی کہ جب ان کے پاس کوئی شخص اپنا مال لے کر امانت رکھنے آتا تو آپ اسے کہتے کہ میں نہیں رکھ سکتا، البتہ اس صورت میں رکھ سکتا ہوں کہ یہ میرے ذمے بطور قرض رہے۔ کیونکہ مجھے اس کے ضائع ہو جانے کا خوف ہے۔ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کسی علاقے کے امیر کبھی نہیں بنے تھے۔ نہ وہ خراج وصول کرنے پر کبھی مقرر ہوئے اور نہ کوئی دوسرا عہدہ انہوں نے قبول کیا، البتہ انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اور ابوبکر، عمر اور عثمان رضی اللہ عنہم کے ساتھ کئی جنگوں میں شرکت کی تھی۔

عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما نے کہا کہ جب میں نے اس رقم کا حساب کیا جو ان پر قرض تھی تو اس کی تعداد بائیس لاکھ تھی۔ راوی نے بیان کیا کہ پھر حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما سے ملے تو دریافت فرمایا، بیٹے! میرے (دینی) بھائی پر کتنا قرض رہ گیا ہے؟ عبداللہ رضی اللہ عنہ نے چھپانا چاہا اور کہہ دیا کہ ایک لاکھ، اس پر حکیم رضی اللہ عنہ نے کہا اللہ کی قسم! میں تو نہیں سمجھتا کہ تمہارے پاس موجود سرمایہ سے یہ قرض ادا ہو سکے گا۔ پھر عبداللہ نے کہا، کہ اگر قرض کی تعداد بائیس لاکھ ہو تو پھر آپ کی کیا رائے ہو گی؟ انہوں نے فرمایا پھر تو یہ قرض تمہاری برداشت سے بھی باہر ہے۔ خیر اگر کوئی دشواری پیش آئے تو مجھ سے مدد کے لئے کہنا، عبداللہ نے بیان کیا کہ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے غابہ کی جائیداد ایک لاکھ ستر ہزار میں خریدی تھی لیکن عبداللہ نے وہ سولہ لاکھ میں بیچی۔ پھر انہوں نے اعلان کیا کہ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ پر جس کا قرض ہو وہ غابہ میں آ کر ہم سے مل لے، چنانچہ عبداللہ بن جعفر بن ابی طالب آئے ان کا زبیر پر چار لاکھ روپے قرض تھا۔ انہوں نے تو یہی پیش کش کی کہ اگر تم چاہو تو میں یہ قرض چھوڑ سکتا ہوں، لیکن عبداللہ نے کہا کہ نہیں، پھر انہوں نے کہا کہ اگر تم چاہو تو میں سارے قرض کی ادائیگی کے بعد اپنا قرض وصول کر لوں گا۔ عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اس پر بھی یہی کہا کہ تاخیر کی بھی کوئی ضرورت نہیں۔ آخر انہوں نے کہا کہ پھر اس زمین میں میرے حصے کا قطعہ مقرر کر دو۔ عبداللہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ آپ اپنے قرض میں یہاں سے یہاں تک لے لیجئے۔ (راوی نے) بیان کیا کہ زبیر رضی اللہ عنہ کی جائیداد اور مکانات وغیرہ بیچ کر ان کا قرض ادا

کر دیا گیا۔ اور سارے قرض کی ادائیگی ہو گئی۔ غابہ کی جائیداد میں ساڑھے چار حصے ابھی باقی تھے۔ اس لئے عبداللہ رضی اللہ عنہ معاویہ کے یہاں (شام) تشریف لے گئے، وہاں عمرو بن عثمان، منذر بن زبیر اور ابن زمعہ بھی موجود تھے۔ معاویہ رضی اللہ عنہ نے ان سے دریافت کیا کہ غابہ کی جائیداد کی قیمت کتنی طے ہوئی؟ انہوں نے بتایا کہ ہر حصے کی قیمت ایک لاکھ طے پائی تھی۔ معاویہ رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا کہ اب باقی کتنے حصے رہ گئے ہیں؟ انہوں نے بتایا کہ ساڑھے چار حصے، اس پر منذر بن زبیر نے کہا کہ ایک حصہ ایک لاکھ میں لے لیتا ہوں، عمرو بن عثمان نے کہا کہ ایک حصہ ایک لاکھ میں بھی لے لیتا ہوں، اور ابن زمعہ نے کہا کہ ایک حصہ ایک لاکھ میں بھی لے لیتا ہوں، اس کے بعد معاویہ رضی اللہ عنہ نے پوچھا کہ اب کتنے حصے باقی بچ گئے؟ انہوں نے کہا کہ ڈیڑھ حصہ! معاویہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ پھر اسے میں ڈیڑھ لاکھ میں لے لیتا ہوں، راوی نے بیان کیا کہ عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ نے اپنا حصہ بعد میں معاویہ رضی اللہ عنہ کو چھ لاکھ میں بیچ دیا۔

پھر جب عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما قرض کی ادائیگی کر چکے تو زبیر رضی اللہ عنہ کی اولاد نے کہا کہ اب ہماری میراث تقسیم کر دیجئیے، لیکن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں میراث اس وقت تک تقسیم نہیں کر سکتا، جب تک کہ چار سال ایامِ حج میں اعلان نہ کرالوں کہ جس شخص کا بھی زبیر رضی اللہ عنہ پر قرض ہو وہ ہمارے پاس آئے اور اپنا قرض لے جائے، راوی نے بیان کیا کہ عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اب ہر سال ایامِ حج میں اس کا اعلان کرانا شروع کر دیا اور جب چار سال گزر گئے تو عبداللہ نے ان کی میراث تقسیم کی، راوی نے بیان کیا کہ زبیر رضی اللہ عنہ کی چار بیویاں تھیں اور عبداللہ نے (وصیت کے مطابق) تہائی حصہ بچی ہوئی رقم میں سے نکال لیا تھا، پھر بھی ہر بیوی کے حصے میں بارہ بارہ لاکھ کی رقم آئی، اور کل جائیداد حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کی پانچ کروڑ دو لاکھ ہوئی۔

۳ – قَالَ رَجُلٌ لِعُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ: اجْعَلْ كَبِيرَ الْمُسْلِمِينَ عِنْدَكَ أَبًا، وَصَغِيرَهُمْ ابْنًا، وَأَوْسَطَهُمْ أَخًا، فَأَيُّ أُولَئِكَ تُحِبُّ أَنْ تُسِيءَ إِلَيْهِ؟[1]

ترجمہ: ایک آدمی نے حضرت عمر بن عبدالعزیز سے کہا کہ آپ بڑی عمر والے کو والد کی جگہ، چھوٹے کو بیٹے کی جگہ اور درمیانی عمر والے کو بھائی کی جگہ سمجھ لیں تو اب آپ کس سے برا سلوک کرنا چاہو گے؟

۴ – روي أنّ الحسن البصريّ باع بغلة له بأربعمائة درهم، فلمّا استوجب المال قال له المشتري: اسمح يا أبا سعيد، قال: قد أسقطت عنك مائة. قال له: فأحسن يا أبا سعيد،

(۱) جامع العلوم والحكم، ابن رجب الحنبلي (ج ۲ ص ۲۸۳)

فقال: قد وهبت لك مائة أخرى، فقبض من حقّه مائتي درهم، فقيل له: يا أبا سعيد، هذا نصف الثّمن، فقال: هكذا يكون الإحسان وإلّا فلا[1]۔

ترجمہ: حضرت حسن بصری سے مروی ہے کہ انہوں نے چار سو درہم میں ایک خچر فروخت کیا۔ جب بیع مکمل ہو گئی اور مشتری کے ذمے قیمت واجب ہو گئی تو اس خریدار نے کہا ابو سعید! کچھ رعایت کرو۔ حسن بصری نے سو درہم کم کر دیئے۔ اس نے پھر کہا ابو سعید! (یہ تو رعایت ہے اب) آپ احسان فرمائیے۔ آپ نے سو درہم اور کم کر دیئے، اور دو سو درہم لے لئے، کسی نے عرض کیا ابو سعید (آپ نے تو قیمت کم کرنے میں حد کر دی) یہ تو قیمت کا نصف ہے، (کہاں چار سو درہم اور کہاں اس قیمت کا نصف؟) آپ نے فرمایا کہ یہی احسان ہے اگر ایسا نہ ہو تو وہ احسان ہی نہیں۔

۵- نقل عن السري السقطي أنه اشترى كر لوز بستين ديناراً وكتب في روزنامجه ثلاثة دنانير ربحه وكأنه رأى أن يربح على العشرة نصف دينار فصار اللوز بتسعين فأتاه الدلال وطلب اللوز فقال خذه قال بكم فقال بثلاثة وستين فقال الدلال وكان من الصالحين فقد صار اللوز بتسعين فقال السري قد عقدت عقداً لا أحله لست أبيعه إلا بثلاثة وستين فقال الدلال وأنا عقدت بيني وبين الله أن لا أغش مسلماً لست آخذ منك إلا بتسعين قال فلا الدلال اشترى منه ولا السري باعه[2]۔

ترجمہ: حضرت سری سقطی رضی اللہ عنہ کے بارے میں منقول ہے کہ انھوں نے ساٹھ دینار میں بادام کی بوری خریدی، اور اپنے حساب کے رجسٹر میں اس کا نفع تین دینار لکھ لیا، گویا کہ وہ دس دینار میں نصف دینار کے حساب سے نفع لینے کے خواہش مند تھے اچانک بادام (گراں ہو گیا، اور ساٹھ دینار) کی بوری نوے دینار میں ملنے لگی۔ اسی دوران ایک گاہک ان کی دکان پر آئے اور انہوں نے بادام طلب کئے آپ نے فرمایا لے لیجئے، انہوں نے پوچھا اس کی قیمت کتنی ہے۔ سری سقطی نے تریسٹھ دینار بتلائی، گاہک جو خود صالحین میں سے تھے انہوں نے کہا اب بادام (گراں ہو گیا ہے، بازار میں اس) کی قیمت نوے دینار ہے، سری سقطی نے کہا کہ میں نے تو تریسٹھ دینار میں بیچنے کا عہد کر رکھا ہے، اس لئے اس سے زیادہ ایک دینار بھی قبول نہ کروں گا۔ گاہک نے کہا کہ میں نوے سے

---

(۱) احیاء علوم الدین، الغزالی، ربع العادات، کتاب آداب الکسب والمعاش (ج۲ ص۸۱)

(۲) احیاء علوم الدین، الغزالی، ربع العادات، کتاب آداب الکسب والمعاش (ج۲ ص۸۰)

کم پر ہرگز نہیں لوں گا۔ میں نے اللہ تعالیٰ سے عہد کیا ہے کہ کسی مسلمان کو نقصان نہیں پہنچاؤں گا۔ راوی کہتا ہے کہ وہ بادام نہ گاہک نے (تریسٹھ میں) خریدے اور نہ سری سقطی نے (نوے میں) فروخت کئے۔

٦- وروي عن محمد بن المنكدر أنه كان له شقق بعضها بخمسة وبعضها بعشرة فباع غلامه في غيبته شقة من الخمسيات بعشرة فلما عرف لم يزل يطلب ذلك الأعرابي المشتري طول النهار حتى وجده فقال له إن الغلام قد غلط فباعك ما يساوي خمسة بعشرة فقال يا هذا قد رضيت فقال وإن رضيت فإنا لا نرضى لك إلا ما نرضاه لأنفسنا فاختر إحدى ثلاث خصال إما أن تأخذ شقة من العشريات بدراهمك وإما أن نرد عليك خمسة وإما أن ترد شقتنا وتأخذ دراهمك فقال أعطني خمسة فرد عليه خمسة وانصرف الأعرابي يسأل ويقول من هذا الشيخ فقيل له هذا محمد بن المنكدر فقال لا إله إلا الله هذا الذي نستسقي به في البوادي إذا قحطنا۔[1]

ترجمہ: محمد بن المنکدر کے بارے میں ایک واقعہ منقول ہے کہ ان کے پاس کچھ چوغے برائے فروخت تھے بعض کی قیمت پانچ درہم تھی، اور بعض کی دس درہم۔ ایک دن ان کی عدم موجودگی میں غلام نے پانچ درہم کی قیمت کا ایک چوغہ دس درہم میں فروخت کر دیا، جب انہیں غلام کی اس حرکت کا پتہ چلا (تو اس پر سخت نالاں ہوئے)، اور اس شخص کی تلاش میں نکل گئے جس نے یہ چوغہ خریدا تھا، دن بھر کی تلاش کے بعد وہ شخص ہاتھ آیا، اسے بتایا کہ میرے غلام نے تمہیں غلطی سے پانچ درہم کا چوغہ دس درہم میں بیچ دیا ہے، خریدار نے کہا آپ خواہ مخواہ پریشان ہوتے ہیں میں اس پر راضی ہوں، ابن المنکدر نے جواب دیا کہ تم تو راضی ہو لیکن ہم تمہارے لئے وہی بات پسند کریں گے جو ہم اپنے لئے پسند کرتے ہیں۔ اس لئے اب تم تین باتوں میں سے ایک بات قبول کر لو یا تو دس درہم والا چوغہ خرید و، یا ہم تمہیں پانچ درہم واپس کر دیتے ہیں یا تم ہمارا چوغہ ہمیں لوٹا دو ہم تمہیں تمہارے درہم واپس کر دیتے ہیں۔ اس نے کہا کہ آپ میرے پانچ درہم لوٹا دیں انہوں نے پانچ درہم لوٹا دئے، اس کے بعد وہ خریدار لوگوں سے پوچھتے ہوئے جا رہا تھا کہ یہ بزرگ کون ہیں، لوگوں نے بتایا کہ ان کا نام محمد ابن المنکدر ہے خریدار نے کہا لا الٰہ الا اللہ یہی وہ لوگ ہیں جن کی بدولت

---

(١) احياء علوم الدين، الغزالي، ربع العادات، كتاب آداب الكسب والمعاش (ج ٢ ص ٨٠)

ہمیں قحط سالی میں پانی عطا کیا جاتا ہے۔

٧-كان علي رضي الله عنه يدور في سوق الكوفة بالدرة ويقول معاشرالتجار خذوا الحق تسلموا لا تردوا قليل الربح .فتحرموا كثيره [١]۔

ترجمہ: حضرت علی رضی اللہ عنہ درہ ہاتھ میں لے کر کوفہ کے بازاروں میں گشت لگایا کرتے تھے، اور فرمایا کرتے تھے کہ اے تاجرو! اپنا حق لو، اپنا حق لینے ہی میں سلامتی ہے، کم نفع نہ ٹھکراؤ، ایسا نہ ہو کہ تم زیادہ سے محروم کر دیئے جاؤ۔

---

(١) احياء علوم الدين، الغزالی، ربع العادات، كتاب آداب الكسب والمعاش (ج ٢ ص ٨٠)

فصلِ سادس: حسنِ معاملات کے فوائد

۱۔ حسنِ معاملات کی بدولت انسان تقویٰ و ورع کے اعلیٰ مقام پر فائز ہو جاتا ہے۔

۲۔ حسنِ معاملات کی بدولت انسان دوسروں کا اعتماد حاصل کر لیتا ہے۔

۳۔ حسنِ معاملات کی بدولت انسان اپنے اندر صداقت و امانت، عفو و درگزر اور نرمی و آسانی جیسی اعلیٰ صفات بآسانی پیدا کر سکتا ہے۔

۴۔ مزدوروں، کسانوں، ملازمین اور اپنے ماتحت افراد کے ساتھ حسنِ معاملات انہیں کام میں اخلاص اور مال و متاع کی حفاظت پر ابھارتا ہے۔

۵۔ عورت مزاج کے اعتبار سے انتہائی نازک واقع ہوئی ہے اسی لئے اس کے ساتھ شوہر جس قدر نرمی اور حسنِ معاملات سے پیش آتا ہے اسی قدر بیوی کے اخلاص میں اضافہ ہوتا ہے اور وہ اسکے مفادات و مصالح کا خیال رکھتی ہے۔

۶۔ حسنِ معاملات کی بدولت مسلمانوں میں باہمی محبت و الفت پیدا ہوتی ہے۔

۷۔ حسنِ معاملات کی بدولت انسان لوگوں کے شر سے محفوظ رہتا ہے۔

۸۔ حسنِ معاملات کی بدولت انسان معاشرے میں عزت و وقار حاصل کر لیتا ہے۔

۹۔ حسنِ معاملات لوگوں سے محبت کی سب سے بڑی دلیل ہے۔

۱۰۔ حسنِ معاملات کی بدولت غیر مسلم لوگ اسلام کی طرف راغب ہوتے ہیں۔

المصادر والمراجع

١ ـ القرآن الكريم

٢ ـ الكتاب: الجامع المسند الصحيح المختصر من أمور رسول الله صلى الله عليه وسلم وسننه وأيامه المعروف بـ (صحيح البخاري)

المؤلف: محمد بن إسماعيل أبو عبدالله البخاري الجعفي (المتوفى:٢٥٦هـ)

المحقق: محمد زهير بن ناصر الناصر

الناشر: دار طوق النجاة (مصورة عن السلطانية بإضافة ترقيم ترقيم محمد فؤاد عبد الباقي)

الطبعة: الأولى،١٤٢٢هـ

٣ ـ الكتاب: المسند الصحيح المختصر بنقل العدل عن العدل إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم المعروف بـ (صحيح مسلم)

المؤلف: مسلم بن الحجاج أبو الحسن القشيري النيسابوري (المتوفى: ٢٦١هـ)

المحقق: محمد فؤاد عبد الباقي

الناشر: دار إحياء التراث العربي – بيروت

٤ ـ الكتاب: صحيح ابن حبان بترتيب ابن بلبان

المؤلف: محمد بن حبان بن أحمد بن حبان بن معاذ بن مَعْبدَ، التميمي، أبو حاتم، الدارمي، البُستي (المتوفى: ٣٥٤ هـ)

المحقق: شعيب الأرنؤوط

الناشر: مؤسسة الرسالة – بيروت

الطبعة: الثانية، ١٤١٤هـ –١٩٩٣م

٥ ـ الكتاب: صحيح ابن خزيمة

المؤلف: أبو بكر محمد بن إسحاق بن خزيمة بن المغيرة بن صالح بن بكر السلمي النيسابوري (المتوفى:٣١١هـ)

المحقق: د. محمد مصطفى الأعظمي

الناشر: المكتب الإسلامي – بيروت

٦ ـ الكتاب: سنن الترمذي
المؤلف: محمد بن عيسى بن سَوْرة بن موسى بن الضحاك، الترمذي، أبو عيسى (المتوفى: ٢٧٩هـ)
تحقيق وتعليق:
أحمد محمد شاكر (جـ١، ٢)
ومحمد فؤاد عبد الباقي (جـ٣)
وإبراهيم عطوة عوض المدرس في الأزهر الشريف (جـ ٤، ٥)
الناشر: شركة مكتبة ومطبعة مصطفى البابي الحلبي – مصر
الطبعة: الثانية، ١٣٩٥هـ – ١٩٧٥م

٧ ـ الكتاب: سنن أبي داود
المؤلف: أبو داود سليمان بن الأشعث بن إسحاق بن بشير بن شداد بن عمرو الأزدي السِّجِسْتاني (المتوفى: ٢٧٥هـ)
المحقق: محمد محيي الدين عبد الحميد
الناشر: المكتبة العصرية، صيدا – بيروت

٨ ـ الكتاب: سنن ابن ماجه
المؤلف: ابن ماجة أبو عبد الله محمد بن يزيد القزويني، (المتوفى: ٢٧٣هـ)
تحقيق: محمد فؤاد عبد الباقي
الناشر: دار إحياء الكتب العربية – فيصل عيسى البابي الحلبي

٩ ـ الكتاب: المجتبى من السنن = السنن الصغرى للنسائي
المؤلف: أبو عبد الرحمن أحمد بن شعيب بن علي الخراساني، النسائي (المتوفى: ٣٠٣هـ)
تحقيق: عبد الفتاح أبو غدة
الناشر: مكتب المطبوعات الإسلامية – حلب
الطبعة: الثانية، ١٤٠٦هـ – ١٩٨٦م

١٠ ـ الكتاب: السنن الكبرى
المؤلف: أبو عبد الرحمن أحمد بن شعيب بن علي الخراساني، النسائي (المتوفى: ٣٠٣هـ)
حققه وخرج أحاديثه: حسن عبد المنعم شلبي
أشرف عليه: شعيب الأرناؤوط

قدم له: عبد الله بن عبد المحسن التركي

الناشر: مؤسسة الرسالة - بيروت

الطبعة: الأولى، ١٤٢١هـ -٢٠٠١م

١١-الكتاب: موطأ الإمام مالك

المؤلف: مالك بن أنس بن مالك بن عامر الأصبحي المدني (المتوفى: ١٧٩هـ)

صححه ورقمه وخرج أحاديثه وعلق عليه: محمد فؤاد عبد الباقي

الناشر: دار إحياء التراث العربي، بيروت - لبنان

عام النشر: ١٤٠٦هـ - ١٩٨٥م

١٢- الكتاب: مسند الدارمي المعروف بـ (سنن الدارمي)

المؤلف: أبو محمد عبد الله بن عبد الرحمن بن الفضل بن بَهرام بن عبد الصمد الدارمي، التميمي السمرقندي (المتوفى: ٢٥٥هـ)

تحقيق: حسين سليم أسد الداراني

الناشر: دار المغني للنشر والتوزيع، المملكة العربية السعودية

الطبعة: الأولى، ١٤١٢هـ - ٢٠٠٠م

١٣-الكتاب: المستدرك على الصحيحين

المؤلف: أبو عبد الله الحاكم محمد بن عبد الله بن محمد بن حمدويه بن نُعيم بن الحكم الضبي الطهماني النيسابوري المعروف بابن البيع (المتوفى: ٤٠٥هـ)

تحقيق: مصطفى عبد القادر عطا

الناشر: دار الكتب العلمية - بيروت

الطبعة: الأولى، ١٤١١هـ -١٩٩٠م

١٤-الكتاب: الأدب المفرد

المؤلف: محمد بن إسماعيل بن إبراهيم بن المغيرة البخاري، أبو عبد الله (المتوفى: ٢٥٦هـ)

المحقق: محمد فؤاد عبد الباقي

الناشر: دار البشائر الإسلامية - بيروت

الطبعة: الثالثة، ١٤٠٩ هـ - ١٩٨٩م

١٥ ـ الكتاب: المصنف

المؤلف: أبو بكر عبد الرزاق بن همام بن نافع الحميري اليماني الصنعاني (المتوفى: ٢١١هـ)

المحقق: حبيب الرحمن الأعظمي

الناشر: المجلس العلمي- الهند

الطبعة: الثانية،١٤٠٣هـ

١٦ ـ الكتاب: الكتاب المصنف في الأحاديث والآثار

المؤلف: أبو بكر بن أبي شيبة، عبد الله بن محمد بن إبراهيم بن عثمان بن خواستي العبسي (المتوفى: ٢٣٥هـ)

المحقق: كمال يوسف الحوت

الناشر: مكتبة الرشد - الرياض

الطبعة: الأولى،١٤٠٩هـ

١٧ ـ الكتاب: مسند الحميدي

المؤلف: أبو بكر عبد الله بن الزبير بن عيسى بن عبيد الله القرشي الأسدي الحميدي المكي (المتوفى: ٢١٩هـ)

حقق نصوصه وخرج أحاديثه: حسن سليم أسد الدَّارَانيّ

الناشر: دار السقا، دمشق - سوريا

الطبعة: الأولى،١٩٩٦م

١٨ ـ الكتاب: مسند الإمام أحمد بن حنبل

المؤلف: أبو عبد الله أحمد بن محمد بن حنبل بن هلال بن أسد الشيباني (المتوفى: ٢٤١هـ)

المحقق: شعيب الأرنؤوط - عادل مرشد، وآخرون

إشراف: د عبد الله بن عبد المحسن التركي

الناشر: مؤسسة الرسالة

الطبعة: الأولى،١٤٢١هـ -٢٠٠١م

١٩ ـ الكتاب: مسند ابن أبي شيبة

المؤلف: أبو بكر بن أبي شيبة، عبد الله بن محمد بن إبراهيم بن عثمان بن خواستي العبسي (المتوفى: ٢٣٥هـ)

المحقق: عادل بن يوسف العزازي و أحمد بن فريد المزيدي

الناشر: دار الوطن - الرياض

الطبعة: الأولى، ١٩٩٧م

٢٠ـ الكتاب: مسند البزار المنشور باسم البحر الزخار

المؤلف: أبو بكر أحمد بن عمرو بن عبد الخالق بن خلاد بن عبيد الله العتكي المعروف بالبزار (المتوفى: ٢٩٢ هـ)

المحقق: محفوظ الرحمن زين الله، (حقق الأجزاء من ١ إلى ٩)

وعادل بن سعد (حقق الأجزاء من ١٠ إلى ١٧)

وصبري عبد الخالق الشافعي (حقق الجزء ١٨)

الناشر: مكتبة العلوم والحكم – المدينة المنورة

الطبعة: الأولى، (بدأت ١٩٨٨م، وانتهت ٢٠٠٩م)

٢١ـ الكتاب: السنن الصغير للبيهقي

المؤلف: أحمد بن الحسين بن علي بن موسى الخُسْرَوْجِردي الخراساني، أبو بكر البيهقي (المتوفى: ٤٥٨ هـ)

المحقق: عبد المعطي أمين قلعجي

دار النشر: جامعة الدراسات الإسلامية، كراتشي . باكستان

الطبعة: الأولى، ١٤١٠ هـ – ١٩٨٩م

٢٢ـ الكتاب: السنن الكبرى

المؤلف: أحمد بن الحسين بن علي بن موسى الخُسْرَوْجِردي الخراساني، أبو بكر البيهقي (المتوفى: ٤٥٨ هـ)

المحقق: محمد عبد القادر عطا

الناشر: دار الكتب العلمية، بيروت – لبنان

الطبعة: الثالثة، ١٤٢٤ هـ – ٢٠٠٣م

٢٣ـ الكتاب: الآداب للبيهقي

المؤلف: أحمد بن الحسين بن علي بن موسى الخُسْرَوْجِردي الخراساني، أبو بكر البيهقي (المتوفى: ٤٥٨ هـ)

الناشر: مؤسسة الكتب الثقافية، بيروت – لبنان

الطبعة: الأولى، ١٤٠٨هـ – ١٩٨٨م

٢٤ـ الكتاب: الروض الداني (المعجم الصغير)

المؤلف: سليمان بن أحمد بن أيوب بن مطير اللخمي الشامي، أبو القاسم الطبراني (المتوفى: ٣٦٠ هـ)

المحقق: محمد شكور محمود الحاج أمرير

الناشر: المكتب الإسلامي , دار عمار – بيروت , عمان

الطبعة: الأولى، ١٤٠٥هـ – ١٩٨٥م

٢٥ ـ الكتاب: المعجم الأوسط
المؤلف: سليمان بن أحمد بن أيوب بن مطير اللخمي الشامي، أبو القاسم الطبراني (المتوفى: ٣٦٠هـ)
المحقق: طارق بن عوض الله بن محمد ، عبد المحسن بن إبراهيم الحسيني
الناشر: دار الحرمين – القاهرة

٢٦ـ الكتاب: المعجم الكبير
المؤلف: سليمان بن أحمد بن أيوب بن مطير اللخمي الشامي، أبو القاسم الطبراني (المتوفى: ٣٦٠هـ)
المحقق: حمدي بن عبد المجيد
دار النشر: مكتبة ابن تيمية – القاهرة
الطبعة: الثانية

٢٧ـ الكتاب: جامع العلوم والحكم في شرح خمسين حديثا من جوامع الكلم
المؤلف: زين الدين عبد الرحمن بن أحمد بن رجب بن الحسن، السَلامي، البغدادي، ثم الدمشقي، الحنبلي (المتوفى: ٧٩٥هـ)
المحقق: شعيب الأرناؤوط – إبراهيم باجس
الناشر: مؤسسة الرسالة – بيروت
الطبعة: السابعة، ١٤٢٢هـ – ٢٠٠١م

٢٨ـ الكتاب: إحياء علوم الدين
المؤلف: أبو حامد محمد بن محمد الغزالي الطوسي (المتوفى: ٥٠٥هـ)
الناشر: دار المعرفة – بيروت

٢٩ـ الكتاب: أدب الدنيا والدين
المؤلف: أبو الحسن علي بن محمد بن محمد بن حبيب البصري البغدادي، الشهير بالماوردي (المتوفى: ٤٥٠هـ)
الناشر: دار مكتبة الحياة
تاريخ النشر: ١٩٨٦م

٣٠ ـ الكتاب: المفردات في غريب القرآن
المؤلف: أبو القاسم الحسين بن محمد المعروف بالراغب الأصفهانى (المتوفى: ٥٠٢هـ)
المحقق: صفوان عدنان الداودي
الناشر: دار القلم، الدار الشامية – دمشق بيروت
الطبعة: الأولى – ١٤١٢هـ

٣١ـ الكتاب: معجم مقاييس اللغة

المؤلف: أحمد بن فارس بن زكرياء القزويني الرازي، أبو الحسين (المتوفى: ٣٩٥هـ)

المحقق: عبد السلام محمد هارون

الناشر: دار الفكر

عام النشر: ١٣٩٩هـ - ١٩٧٩م.

٣٢ـ الكتاب: تسهيل النظر وتعجيل الظفر في أخلاق الملك

المؤلف: أبو الحسن علي بن محمد بن محمد بن حبيب البصري البغدادي، الشهير بالماوردي (المتوفى: ٤٥٠ هـ)

المحقق: محي هلال السرحان وحسن الساعاتي

الناشر: دار النهضة العربية – بيروت

٣٣ـ الكتاب: كتاب التعريفات

المؤلف: علي بن محمد بن علي الزين الشريف الجرجاني (المتوفى:٨١٦ هـ)

المحقق: ضبطه وصححه جماعة من العلماء بإشراف الناشر

الناشر: دار الكتب العلمية بيروت -لبنان

الطبعة: الأولى ١٤٠٣هـ - ١٩٨٣م

٣٤ـ الكتاب: العطايا النبوية فى الفتاوٰى الرضوية

المؤلف: امام احمد رضا الحنفى القادرى (المتوفى:١٣٤٠هـ)

الناشر: رضا فاونڈیشن لاہور، پاکستان

الطبعة: الثانية

* * * *

مسلمان کے اخلاق
تصنیف وتالیف
علامہ محمد عمیر الازہری
(فاضل جامعۃ الازہر)
دار المنار